ABC CERTIFEID
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹر راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | منگل 11 اگست 2026ء 27 صفر المظفر 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 338
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

بلاول سے ملاقات کرائیں تو پورا پاکستان کو ڈی چوک بنا دینگے
سہیل آفریدی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ جمعرات کے دن بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہ کروائی گئی تو رات 10 بجے پورے پاکستان کو ڈی چوک بنا دیں گے، اگر بانی چیئرمین کو کچھ ہوا تو اس کے ذمہ دار وزیر اعظم اور عہدوں پر موجود لوگ ہوں گے خیبر پختونخوا ہاؤس اسلام آباد میں سلمان اکرم راجہ سمیت دیگر رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ جمعرات والے دن تمام پارلیمنٹرین اڈیالہ جیل جائیں گے جبکہ کل تمام پارلیمنٹرین سپریم کورٹ کے سامنے دھرنا دیں گے، بانی پی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9 5)

حکومت سے مذاکرات ناکام، گڈز ٹرانسپورٹ کا احتجاج ہڑتال جاری رکھنے کا فیصلہ

جب تک ہمارے مطالبات تسلیم نہیں ہوتے احتجاج ختم نہیں ہوگا، ٹرانسپورٹرز اپنے مطالبات سے ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے، ملک شہزاد اعوان

حکومت کی جانب سے یقین دہانیوں کے باوجود عملی پیش رفت سامنے نہیں آئی، مذاکرات کے دروازے بند نہیں ہوئے، صدر گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد

کراچی/ اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت اور گڈز ٹرانسپورٹرز کے درمیان مذاکرات ناکام ہو گئے جس پر گڈز ٹرانسپورٹرز نے ہڑتال جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق اسلام آباد میں ہوئے مذاکرات میں وفاقی حکومت کی جانب سے وزیر مواصلات عبدالعلیم خان، وزیر پیٹرولیم پرویز علی ملک، وزیر پورٹ اینڈ شپنگ اور وزارت خزانہ کے نمائندے نے شرکت کی۔ آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد کی جانب سے صدر ملک شہزاد اعوان سمیت اتحاد کے رہنما چوہدری قمر زمان گل، ملک شبر خان، نثار حسین جعفری، امداد حسین نقوی اور چوہدری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6 0)

اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے امریکی ناظم الامور فیلی بیکر ملاقات کر رہی ہیں

27 ستمبر کو لانگ مارچ کی کال پر پی ٹی آئی میں اختلافات شدید

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) 27 ستمبر کو اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ کی کال پر پاکستان تحریک انصاف میں اختلافات شدت اختیار کر گئے ہیں۔ پی ٹی آئی کے بیرون ملک مقیم رہنماؤں نے الزام لگایا ہے کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے وسط اگست کی بجائے 27 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 7)

جماعت اسلامی کا شبر زیدی کو 1 ارب ہرجانے کا نوٹس

سابق چیئرمین ایف بی آر کو 7 روز کی مہلت، الزامات واپس لینے کا مطالبہ

کراچی (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی پاکستان نے سابق چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) شبر زیدی کی جانب سے جماعت اسلامی پر مبینہ طور پر اسٹیبلشمنٹ سے پیسے لے کر عوامی احتجاج اور مسائل کو دبانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

اپر کوہستان سکینڈل: مزید دو ملزمان گرفتار

کوہستان (مانیٹرنگ ڈیسک) اپر کوہستان اسکینڈل میں مزید دو ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتار ملزمان کو احتساب عدالت کے جج محمد حامد مغل کے سامنے پیش کیا گیا، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 5)


اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے قازقستان کے سفیر الوداعی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتوں کا کردار ناقابل فراموش، چیئرمین سینیٹ

ہر شہری کے حقوق، تحفظ اور مساوی مواقع یقینی بنانا ریاست کی ذمہ داری ہے، سید یوسف رضا گیلانی

اس پرچم کے سائے تلے ہم سب ایک اور آپ کا تحفظ، ریاست کی ذمہ داری، قومی اقلیتی دن پر تقریب سے خطاب

اسلام آباد (راجہ جاوید سے) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادریوں کا کردار ناقابل فراموش ہے، اقلیتیں ملکی معاشرتی ڈھانچے اور قومی شناخت کا اہم حصہ ہیں۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ ہر شہری کے وقار، تحفظ، مساوی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

حزب تشریفین کا تحفظ قوم اور مسلح افواج کیلئے ہم فریضہ ہے، وزیر اعظم

کابینہ اجلاس میں وزیر اعظم شہباز شریف، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرنیکی قرارداد منظور

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی معاہدہ کسی کے خلاف جارحیت کیلئے نہیں پوری امت کی طاقت کیلیے ہے جس کا مقصد خطے میں امن اور خوشحالی ہے، وزیر اعظم کی گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مشترکہ دفاعی معاہدے کا مقصد جارحیت نہیں بلکہ خطے کی خوش حالی اور امن کو فروغ دینا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

وزیر اعظم شہباز کا ملائیشین ہم منصب کی صحت کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ملائیشیا کے وزیر اعظم انور ابراہیم کی صحت یابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو ایکس پر جاری پیغام میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ وہ اپنے عزیز بھائی وزیر اعظم انور ابراہیم کے علاج معالجے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 8)


اسلام آباد، وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن سید زیشان علی نقوی شہرنامہ کو انٹرویو دیتے ہوئے مختلف انداز دوسری جانب ایڈیٹر شہرنامہ سے مصافحہ کر رہے ہیں

پاکستان کا مستقبل نوجوانوں سے وابستہ، اربوں روپے کے یوتھ منصوبے ملک میں ترقی اور خوشحالی لائیں گے، سید زیشان علی نقوی

تجاوزات کے نام پر صدیوں پرانی آبادیوں کو اجاڑنا قبول نہیں، سی ڈی اے قبضہ مافیا کے خلاف کارروائی کرے

نوجوانوں کو بااختیار بنانا ہی مضبوط پاکستان کی ضمانت ہے پروگرام سے لاکھوں نوجوان مستفید ہوں گے

قبضہ مافیا اور اصل زمین داروں میں فرق کیا جائے سرکاری زمین واگزار کرانا ضروری، مگر مقامی آبادیوں کے حقوق بھی محفوظ رہنے چاہئیں

پاکستان کا نوجوان باشعور، تعلیم یافتہ اور ہنرمند بنے گا یوتھ پروگرام نوجوانوں کی تقدیر بدلنے کا قومی منصوبہ ہے

اسلام آباد کے اصل وارثوں کو بے گھر نہیں ہونے دیں گے تجاوزات کی آڑ میں مقامی آبادیوں کو نشانہ بنانا زیادتی ہے

سی ڈی اے قانون نافذ کرے مگر انصاف کے تقاضے بھی پورے کرے عوام کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، شہرنامہ سے دوٹوک گفتگو

اسلام آباد (انٹرویو راجہ جاوید اختر تصاویر نوید طاہر) وزیر اعظم یوتھ پروگرام دراصل پاکستان کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ ملک بھر کے نوجوانوں کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5 5)

وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن سید زیشان علی نقوی سے ایڈیٹر شہرنامہ راجہ جاوید گفتگو کر رہے ہیں

مکہ دفاعی معاہدہ پر وزیر اعظم فیلڈ مارشل کو خراج تحسین پیش

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے فوکل۔ پرسن سید زیشان۔علی نقوی نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے مشترکہ دفاعی معاہدے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

ڈیجیٹل یوتھ ہب اہم پلیٹ فارم ہے

اسلام۔آباد (شہرنامہ رپورٹ) وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن سید زیشان علی نقوی نے شہرنامہ کو دیئے گئے انٹرویو میں کہا کہ ڈیجیٹل یوتھ ہب ایک اہم پلیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

پیپلز پارٹی کا پارلیمان میں حکومت سے تعاون نہ کرنے کا فیصلہ

پیپلز پارٹی قانون سازی کے عمل میں بھی حکومت کا ساتھ نہیں دے گی، قائمہ کمیٹیوں میں حکومتی بلوں کو سپورٹ نہیں کرے گی

پارٹی قائمہ کمیٹیوں میں حکومتی بلوں کے حوالے سے ضروری ترامیم بھی پیش کرے گی، ذرائع پیپلز پارٹی

اسلام آباد: پیپلز پارٹی کی رہنماؤں پلوشہ خان، شہلا رضا اور شرمیلا فاروقی پریس کانفرنس کر رہی ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پیپلز پارٹی کی جانب سے پارلیمان میں حکومت سے تعاون نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی نے تاحکم ثانی پارلیمان میں حکومت سے تعاون نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، پیپلز پارٹی قانون سازی کے عمل میں بھی حکومت کا ساتھ نہیں دے گی۔ اس حوالے سے ذرائع نے مزید بتایا ہے کہ پیپلز پارٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 5)

بجلی صارفین پر 23 ارب کا اضافی بوجھ ڈالنے کی تیاری

سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ ریلیف ختم ہونے کے بعد اگلے ماہ بجلی مہنگی ہونے کا خدشہ

اسلام آباد (صباح نیوز) کراچی سمیت ملک بھر کے بجلی صارفین کو ملنے والا بڑا ریلیف رواں ماہ ختم ہونے جا رہا ہے، جس کے بعد اگلے ماہ سے بجلی کی قیمتوں میں اضافے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی صارفین کو فی یونٹ ایک روپے 99 پیسے کی کمی کا ریلیف دیا جا رہا ہے، جس کی مدت اگست میں مکمل ہو جائے گی۔ ذرائع کے مطابق اس وقت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے امریکی ناظم الامور کی ملاقات

تجارت، سرمایہ کاری، مصنوعی ذہانت، مختلف شعبوں میں تعاون کے مواقع پر بھی غور

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے پاکستان میں امریکی ناظم الامور فیلی بیکر نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور امریکا کے درمیان اقتصادی تعلقات اور دوطرفہ اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے مواقع پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وزیر خزانہ نے امریکی ناظم الامور کو اپنے حالیہ دورہ واشنگٹن کے بارے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5 3)

جج سمری، صدر سے مذاکرات کا ٹاسک سپیکر کے سپرد

وزیر قانون کی سپیکر سے ملاقات، جوڈیشل کمیشن کے فیصلے، صورتحال پر مشاورت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جج کی سمری پر دستخط نہ کرنے کے معاملے پر وفاقی حکومت نے صدر مملکت سے مذاکرات کا ٹاسک اسپیکر قومی اسمبلی کے سپرد کر دیا۔ وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے اسپیکر قومی اسمبلی سے ملاقات کی، ملاقات میں صدر مملکت کے قانونی مشیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7 4)

ایرانی وزیر خارجہ کو اسلام آباد جانے کی دعوت ملی ہے، اسماعیل بقائی

تہران (صباح نیوز) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ پاکستان نے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی اور ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

آصفہ بھٹو نے پہلے آٹزم رہائشی مرکز افتتاح کر دیا

نئے رہائشی مرکز میں نگہداشت، طویل المدتی بحالی سہولیات میسر ہوں گی، آصفہ بھٹو

کراچی (صباح نیوز) خاتونِ اول نے آصفہ بھٹو زرداری نے کراچی میں پاکستان کے پہلے آٹزم رہائشی مرکز افتتاح کر دیا۔ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ بھی افتتاحی تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)



ترسیلاتِ زر 13 فیصد بڑھ گئیں، وزیر اعظم کا اظہار اطمینان

سالانہ بنیادوں پر ترسیلاتِ زر میں 13 فیصد اضافہ نہایت خوش آئند ہے، شہباز شریف

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بیرونِ ملک مقیم پاکستانی ورکرز کی جانب سے جولائی 2026 میں ترسیلاتِ زر میں ماہانہ بنیادوں پر 5 فیصد جبکہ سالانہ بنیادوں پر 13 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق جولائی 2026 میں بیرونِ ملک پاکستانیوں نے مجموعی طور پر 3 ارب 63 کروڑ 10 لاکھ ڈالر کی ترسیلاتِ زر پاکستان بھیجیں، جبکہ جون 2026 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4 8)

اسحاق ڈار کا کانگو کے صدر سے مکہ معاہدے پر تبادلہ خیال

پاکستان اور کانگو کا باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے جمہوری جمہوریہ کانگو (ڈی آر سی) کے صدر فیلکس انتونی تسیسکیدی تسلومبو اور گنی بساؤ کے سابق صدر جنرل عمرو سیسوکو ایمبالو سے مشترکہ ٹیلی فونک گفتگو کی ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

تیل نرخ ڈی ریگولیٹ، منظوری جلد متوقع ہے، احد چیمہ

گنور گروپ کے وفد کی ملاقات، ریفائنریز اپ گریڈیشن میں تعاون کی خواہش

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد چیمہ کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے تیل کی قیمتوں کو ڈی ریگولیٹ کرنے کا مجوزہ اقدام زیر غور ہے اور کابینہ سے پالیسی کی جلد منظوری متوقع ہے جبکہ گنور گروپ نے آئل پرائس ڈی ریگولیشن کے اقدام کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے پٹرولیم مارکیٹ کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ وزارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4 9)

سٹاک مارکیٹ میں مندی، 119 پوائنٹس کی کمی

ہنڈرڈ انڈیکس کی کیساتھ ایک لاکھ 81 ہزار 310 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سٹاک ایکسچینج میں آج زبردست تیزی کے بعد مندی چھا گئی۔ کاروباری ہفتے کے پہلے روز کاروبار کے آغاز پر سٹاک مارکیٹ میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی، 900 سے زائد پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 82 ہزار 347 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا۔ تاہم ٹریڈنگ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

جشن آزادی، بازاروں میں سبز ہلالی پرچموں کی بہار

14 اگست قریب آتے مختلف شہروں کا منظر نامہ سبز و سفید رنگوں میں ڈھل گیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) جشنِ آزادی کی آمد آمد ہے اور ملک بھر میں یوم آزادی کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں، وفاقی دارالحکومت ہو یا صوبائی، سبز ہلالی پرچم، جھنڈیوں اور برقی قمقموں نے بازاروں، شاہراہوں اور اہم مقامات کی رونقیں بڑھا دی ہیں۔ 14 اگست کے قریب آتے ہی پاکستان کے مختلف شہروں کا منظر نامہ سبز و سفید رنگوں میں ڈھلتا جا رہا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

سہ فریقی معاہدہ خطے میں امریکا کیلئے بدلتی سوچ کی علامت، ایران

ایسے اقدامات خطے کو اسرائیلی خطرے سے محفوظ رکھنے میں کردار ادا کر سکتے ہیں

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے مشترکہ دفاعی معاہدے کو خطے میں امریکا کے حوالے سے بدلتی ہوئی سوچ کی علامت قرار دیا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ تین اہم علاقائی ممالک کے درمیان دفاعی تعاون اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ خطے کے ممالک اپنی سلامتی کے معاملات میں نئے انداز سے سوچ رہے ہیں۔ ایرانی خبر رساں ادارے فارس کے حوالے سے رپورٹ کے مطابق اسماعیل بقائی نے کہا کہ گزشتہ تین برسوں کے دوران خطے کے ممالک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

پنجاب میں آئندہ برس بسنت جنوری کے بجائے فروری میں منانے کا فیصلہ

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب میں آئندہ برس بھی بسنت منانے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاہم وہ جنوری کے بجائے فروری میں منائی جائے گی۔ محکمہ داخلہ اور ضلعی حکومت نے آئندہ برس بسنت منانے کے لیے لائحہ عمل طے کر لیا، آئندہ برس لاہور میں بسنت روایت سے ہٹ کر جنوری کے بجائے

موبائل فونز برآمد ہونے پر اڈیالہ جیل کے 3 قیدی اٹک جیل منتقل

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) موبائل فونز برآمد ہونے پر اڈیالہ جیل کے 3 قیدیوں کو اٹک جیل بھجوا دیا گیا، جبکہ غفلت برتنے پر 5 جیل ملازمین کو معطل کر دیا گیا۔ جیل ذرائع کے مطابق تلاشی کے دوران اڈیالہ جیل میں پابند سلاسل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4 2)

پی ٹی آئی کی ہائیکورٹ کے باہر احتجاج کی کال ناکام

صرف چھ پارلیمنٹیرینز ہی پہنچے، اراکین اسمبلی کے نہ آنے پر سلمان راجہ پھٹ پڑے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ٹی آئی کی اسلام آباد ہائیکورٹ کے سامنے اراکین اسمبلی کے احتجاج کی کال ناکام ہو گئی۔ گزشتہ رات اجلاس میں تمام پارلیمنٹیرنز کو آج دس بجے اسلام آباد ہائیکورٹ پہنچنے کی ہدایت کی گئی تھی تاہم صرف چھ پارلیمنٹیرینز اسلام آباد ہائیکورٹ پہنچے جن میں علی محمد خان، سینیٹر مشعال خان یوسفزائی، سینیٹر فلک ناز چترالی، شفقت اعوان اور جنید اکبر شامل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

شہید بینظیر نے ہمیشہ خواتین اور بچوں کی صحت دودھ پلانے کو خصوصی اہمیت دی، روبینہ خالد

ماں کا دودھ پلانا بچوں کی بقا، خاندان کی خوشحالی، انسانی وسائل کی ترقی اور ملک کے روشن مستقبل کے لیے نہایت اہم

ماں کا دودھ پلانے کا عمل بچے کی پیدائش کے پہلے گھنٹے میں شروع ہونا چاہیے، کنٹری ڈائریکٹر یونیسیف کا تقریب سے خطاب

اسلام اباد (نمائندہ خصوصی) * بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نے یونیسیف، عالمی ادارۂ صحت (WHO)، عالمی خوراک پروگرام (WFP) اور وزارتِ قومی صحت کے تعاون سے بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز، اسلام آباد میں ماں کا دودھ پلانے کے عالمی ہفتہ کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا۔ تقریب میں اعلیٰ سرکاری حکام، ترقیاتی شراکت دار اداروں کے نمائندوں، طبی ماہرین اور غذائیت کے شعبے سے تعلق رکھنے والے ماہرین نے شرکت کی اور ماں کا دودھ پلانے کے فروغ، تحفظ اور حوصلہ افزائی کے عزم کا اعادہ کیا تاکہ ماں اور بچے کی صحت کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد، چیئرپرسن بی آئی ایس پی روبینہ خالد و دیگر ماں کا دودھ پلانے کے عالمی ہفتہ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسرائیل کی جانب سے 37 فلسطینی قیدی رہا

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی نے 37 فلسطینی قیدیوں کو رہا کر دیا ہے۔ انادولو ایجنسی کے مطابق اسرائیل کی طرف سے رہا کیے گئے 37 فلسطینی قیدیوں کو جنوبی غزہ کے خان یونس میں واقع ناصر ہسپتال میں طبی معائنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4 5)

فیک ویڈیو مقدمہ، عظمیٰ بخاری کو ذاتی حیثیت میں پیشی کی ہدایت

صوبائی وزیر نے فلک جاوید کیخلاف این سی سی آئی اے میں مقدمہ درج کرا رکھا ہے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) سیشن کورٹ نے فیک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل کرنے کے مقدمے میں عظمیٰ بخاری کو بیان ریکارڈ کرانے لیے ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کی ہدایت کر دی۔ لاہور کی سیشن عدالت میں صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری کی فیک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل کرنے کے مقدمے کی سماعت ہوئی جس میں ایڈیشنل سیشن جج نصرت علی صدیقی نے فیصلہ سنایا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th اونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

پاکستان، سعودیہ، ترکیہ میں دفاعی معاہدہ!

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مکرمہ میں تاریخی مشترکہ دفاعی معاہدہ طے پا گیا، اِس کو مکہ ڈیفنس جوائنٹ ایگریمنٹ کا نام دیا گیا ہے۔ تینوں ممالک کے درمیان مشترکہ دفاعی سربراہی اجلاس مکہ کے الصفا پیلس میں ہوا جس میں سعودی عرب کی جانب سے سعودی ولی عہد محمد بن سلمان، ترکیہ کی جانب سے صدر طیب اردوان اور پاکستان کی جانب سے وزیراعظم شہباز شریف نے دفاعی معاہدے پر دستخط کیے۔ اِس معاہدے کا مقصد تینوں ممالک کی اجتماعی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے کے ساتھ خطے میں اَمن اور استحکام کو فروغ دینا ہے۔ اعلامیے کے مطابق تینوں ریاستوں میں سے کسی ایک ملک پر ہونے والا مسلح حملہ یا جارحانہ اقدام تینوں کے خلاف مشترکہ حملہ تصور کیا جائے گا۔ اِس معاہدے کی بدولت مشترکہ منصوبوں میں تیز پیشرفت، دفاعی میدان میں ٹیکنیکی تعاون کا فروغ، دہشت گردی کے خلاف زیادہ مؤثر اور یکجا اقدامات ممکن ہو سکیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اِس معاہدے کو خطے اور اُمت مسلمہ کے لئے ترقی اور خوشحالی کا اہم سنگِ میل قرار دیا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ برادر ممالک ایمان، دوستی اور اَمن کے مشترکہ عزم میں بندھے ہوئے ہیں۔ اُنہوں نے اُمید ظاہر کی کہ حرمین شریفین کے مقدس سائے تلے طے پانے والا یہ تاریخی معاہدہ آنے والی نسلوں کے لئے اَمن کی ایک مضبوط ڈھال ثابت ہوگا۔ وزیراعظم نے آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر کا خصوصی شکریہ ادا کیا جنہوں نے اِس سارے عمل میں کلیدی کردار ادا کیا۔ ترکیہ کے صدر طیب اردوان نے اِس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے واضح کیا کہ یہ دفاعی معاہدہ کسی بھی مخصوص ملک کے خلاف نہیں ہے بلکہ یہ خطے میں اَمن، خوشحالی اور استحکام کے خواہاں تمام برادر ممالک کی شمولیت کے لئے کھلا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ ترکیہ بین الاقوامی قانون کا احترام کرتا ہے اور علاقائی ذمہ داری کے ویژن کے تحت مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے ہی تمام بحرانوں کے حل کے اصولی مؤقف پر قائم رہے گا۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ یہ معاہدہ اقوامِ متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 میں بیان کردہ حقِ دفاع کی توثیق کرتا ہے۔ سعودی وزیرخارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے اپنے تہنیتی پیغام میں مکہ دفاعی معاہدے کو تینوں ممالک کے اَمن، ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لئے اہم سنگِ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ سعودی ولی عہد، ترک صدر اور وزیراعظم پاکستان کی طرف سے کیا گیا یہ معاہدہ نہ صرف تینوں برادرانہ ممالک کے تعلقات کی اہمیت کی توثیق بلکہ اُن کی تائید بھی کر رہا ہے، یہ اُن مشترکہ خطرات سے نبٹنے کی کوششوں کی نشاندہی بھی کرتا ہے جس سے خطے کا استحکام متاثر ہوتا ہے۔ اُن کے مطابق یہ معاہدہ ایک محفوظ علاقائی ماحول کی حمایت کے لئے تینوں ممالک کا نہ صرف مشترکہ عزم ہے بلکہ اُن کے مضبوط مستقبل کی راہ بھی ہموار کرے گا۔ موجودہ عالمی صورتحال بالخصوص مشرقِ وسطیٰ میں کشیدہ صورتحال کے تناظر میں یہ سہ فریقی معاہدہ خاصی اہمیت کا حامل ہے۔ اسلامی تعاون کی تنظیم (او آئی سی) کے سیکرٹری جنرل حسین ابراہیم طہ نے معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ یہ اسلامی دنیا میں اَمن اور استحکام کا ایک اہم ستون ثابت ہوگا۔ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے لئے تو یہ تاریخی موقع ہے لیکن بھارت اور اسرائیل تلملا رہے ہیں۔ واضح رہے کہ اسرائیل کے سابق وزیراعظم نے کچھ ماہ قبل بیان دیا تھا کہ اسرائیل کا اصل دشمن سُنّی الائنس ہے جو پاکستان، ترکی اور سعودی عرب کے درمیان تشکیل پا رہا ہے، اِس سے اسرائیل کی قوت کو شدید زِک پہنچنے کا خطرہ ہے۔ مکہ معاہدے سے کسی پُراَمن ملک کو تو کوئی خطرہ نہیں لیکن وہ ممالک جو توسیع پسندانہ یا شرپسند عزائم رکھتے ہیں اُن کے لئے یہ یقیناً پریشانی کا باعث ہو سکتا ہے، تینوں ممالک ایک دوسرے کے ساتھ اور ایک دوسرے کے لئے بنیانِ مرصوص ثابت ہوں گے کیونکہ پاکستان مسلم دنیا میں واحد جوہری طاقت ہے اور جنگی مہارت، سکیورٹی اور دفاع کے لحاظ سے مضبوط ہو رہا ہے جبکہ ترکیہ بھی دفاعی پیداوار کے لحاظ سے دنیا کا اہم ملک مانا جاتا ہے اور سعودی عرب معاشی لحاظ سے انتہائی طاقتور ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال ستمبر میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان باہمی دفاع کا سٹریٹیجک معاہدہ تشکیل پایا تھا جس میں واضح کیا گیا تھا کہ دونوں ممالک میں سے کسی ایک پر بھی حملہ دونوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ اِس میں کوئی دو آرا نہیں کہ یہ ایک وسیع اور شاندار معاہدہ ہے، یہ نہ صرف باہمی دفاع یقینی بنائے گا بلکہ دیگر اسلامی ممالک بھی اِس کا حصہ بن سکتے ہیں یوں خطے میں ایک نئی دفاعی طاقت جنم لے گی جو دیگر ممالک کے لئے بھی ایک ڈھال کا کام کرے گی۔ اُمید ہے کہ یہ معاہدہ تینوں ممالک کے لئے مختلف شعبوں میں تعاون، استحکام اور ترقی کی نئی راہیں کھولے گا۔ پاکستان کے لئے یہ محض ایک اہم پیشرفت ہی نہیں بلکہ سفارتی محاذ پر ایک اور بڑی کامیابی ہے، جو خطے میں اس کے بڑھتے ہوئے کردار اور مؤثر سفارت کاری کی عکاسی کرتی ہے۔

پاکستانی عوام کی مشکلوں کا جال سودی نظام ہے!

ایک بااصول غریب مسلمان ریاست پر دنیاوی مفادات میں لپٹے حوس اقتدار کے مریض سیاستدان نے مقامی لوگوں سے ترقی کے نام پر حکومت کرنے کی سیاست شروع کی اور کاروباری افراد کو مالی آمدنی کی غرض میں ساتھ دینے کی تلقین کی تو لوگوں نے کہا کہ یہاں رہنے والے مسلمانوں کے دنیاوی حالات مالی ترقی یافتہ نہیں مگر ان کے ایمان آسمانی ترقی تک پہنچے ہوئے ہیں جب بھی کوئی ظالم حکمران ان پر حکومت کرتا ہے تو یہ خدا کے حضور پیش ہو کر چمتکارے کی دُعا کرتے ہیں اور وہ حکمران گرفت میں آ جاتا ہے۔

اُس سیاستدان نے آسانی گرفت سے بچنے کے لیے بندوں کا خدا سے تعلق تڑوانے کے لیے ایک ترکیب سوچی اور وہاں کے تمام پانی والے کنوؤں پر اپنے خرچے سے بندے کھڑے کر دیئے جو ہر آنے والے کو کنوے سے پانی نکال کر دیتے۔ لوگوں کے ذہنوں میں سہولت کی عملی شکل دیکھ کر سیاستدان کے بارے میں خدمت گار کا گمان پیدا ہو گیا۔ عوامی اعتماد کی اس فضاء کے بنتے ہی اس سیاستدان نے اعلان کیا کہ ہم عوامی خدمت کے عمل کو وسعت و نکھار دینے کے لیے تمام کنوؤں سے پانی نکالنے والے پرانے سامان کو نئے اور بہتر سامان میں بدل رہے ہیں۔ عوام خوش ہوئی کہ اتنا خیر خواہ اور بے لوث خدمت گزار انتظامی امور سنبھال لے ہم اسے موقع دیتے ہیں اور پھر اس سیاستدان نے تمام کنوؤں سے پانی نکالنے والے (بوکے) جو بالٹی کی شکل میں اونٹ کے چمڑے سے بنے تھے انہیں ہٹا کر سور کی کھال کے چمڑے سے بنوا کر کنوؤں میں لگوا دیئے۔ چالیس دن تک سور کے چمڑے کے بوکوں سے پانی نکال کر عوام کو پلاتے رہے حرام جانور کے چمڑے کی نحوست پانی میں اور پانی مسلمانوں کے پیٹوں میں پہنچنے کے بعد ان کے اندر سے وہ رُوحانی طاقت جاتی رہی جس کی بدولت ان کی دعائیں خدا تک پہنچتی تھیں تو دنیادار ظالم حکمران کی پکڑ ہو جاتی۔

اس کے بعد اُس حکمران نے جن سرمایہ کاروں سے کنوؤں کے سامان پر خرچہ کروایا تھا انہیں کنوؤں کا قبضہ دے دیا اور انہوں نے عوام سے پانی کے پیسے لینا شروع کیے ان پیسوں سے ٹیکس حکمران لینے لگا۔ جب عوام نے اس کو ظلم قرار دیتے ہوئے خدا سے دعائیں کیں تو وہ خدا تک پہنچتی ہی نہیں تھیں اور یوں ساری عوام ظالم حکمران کے شکنجے میں پھنس گئی اور پھر بنا کچھ عوام کو دیئے عوام کی ہر چیز پر ٹیکس لگا تا اور بڑھاتا چلا گیا۔ مجبور و بے بس عوام حکومت کے ظلم کے آگے دیوار کرنے کی بجائے اس کا ظلم آپس میں تقسیم کرتے چلے گئے۔

پاکستانی مسلمانوں کے ساتھ حرام سور کی کھال میں پانی پلا کر رُوحانی قوت ختم کرنے سے بھی اُوپر کی واردات ڈالی گئی۔ انہیں ذاتی وسائل و قابلیت زمینی زخائر جیسے درجنوں حلال طریقے اور راستے نظر انداز کر کے اسلام و مسلمان دشمن قوتوں کی مدد سے سیدھا خدا کے ساتھ جنگ کرنے والے عمل میں مبتلا کر دیا گیا۔ یعنی ترقی کے نام پر ملکی و قومی غیرت گروی رکھوا کر سودی قرضوں کو لایا گیا۔ کچھ لگایا گیا کچھ کھایا گیا اور پھر آج تک پاکستانی نسلیں سودی قرضوں تلے دب گئیں اور نتائج میں ملکی انتظامی امور پر فری بجلی ٹیکس پٹرول مراعات لینے والا قابض طبقہ امیر سے امیر تر ہوتا چلا گیا اور غریب مڈل کلاس طبقے بے روزگاری، مہنگائی، خودکشیاں، قتل و غارت، چوریاں، ڈاکے، ناانصافیاں، ماؤں بہنوں بیٹیوں کی عزتیں داؤ پہ لگ گئیں اس نظام کو بھرپا کرنے والوں کو سزائیں دینے کی بجائے اس کے خلاف کام یا آواز اُٹھانے والوں کو ملکی ترقی کا غدار سمجھ کر وہ عبرت ناک سلوک کیا جاتا ہے کہ عوام اصلاح کا حصہ بننا جرم سمجھتے ہوئے درد سہنے پر مجبور ہیں اور اس کوفت و گھٹن زدہ حالات سے نجات کا کوئی آسانی معجزہ رونما نہیں ہوتا کیونکہ خدا اپنے ساتھ اعلان جنگ کرنے والے سودی نظام میں زندگی گزارنے والوں کی کیوں مدد کرے؟

اس ملک کے اندر عبادتوں کا سامان ٹوپی تسبی جائے نماز یہاں تک کہ قرآن پاک کی کتابی شکل بھی خریدتے ہیں تو اس کی تیاری میں کاغذ، سیاہی، کلر، جلد، بجلی سمیت تمام لوازمات میں سودی شرح فیصد پر مبنی ٹیکس شامل ہیں مساجد میں آزان نماز قرات بیان جو مائیک پر پڑھے جاتے ہیں ان پر استعمال بجلی کے بلوں میں بھی سودی ٹیکس کی ادائیگی شامل ہوتی ہے۔

ظفریات
facebook / zafar iqbal zafar raiwind
ظفر اقبال ظفر
zafariqbalzafarcolumnist@gmail.com

خدا نے آج تک کسی قوم کی پکڑ عبادات میں کمی یا غفلت کی وجہ سے نہیں کی جتنی بھی قوموں پر عذاب آئے ناپ تول، ملاوٹ، بددیانتی، گراں فروشی، ذخیرہ اندوزی، غش، مصنوعی مہنگائی جیسے گناہوں کی وجہ سے آئے۔ پاکستان میں یہ سب گناہ بھیانک روپوں میں ہو رہے ہیں کوئی مسلمان کسی مسلمان سے خریداری کے بعد معیار اور قیمت پر مطمئن نہیں ہوتا۔ واپسی تبدیلی کی سنت مسلم تاجروں کا اصول ہوا کرتا ہے۔ جس پیٹ میں ایک لقمہ حرام کا چلا جائے اس کی چالیس دن تک دُعا قبول نہیں ہوتی اور ہمارے ہاں سودی ٹیکس کی شراکت کے بغیر کوئی خریداری و فروخت نہیں ہوتی یہ حرام سے بھی اوپر کی نحوست ہے جس کی وجہ سے مسجدوں، مدرسوں مذہبی مقامات و اجتماعوں میں مانگی جانے والی دعائیں قبول نہیں ہو رہی ہیں۔ یہ لمحہ فکریہ ہی نہیں لمحہ توبہ و تبدیلی اعمال ہے کہ خانہ کعبہ و مسجد نبوی میں مسلمانوں کی کشمیر، فلسطین، جیسے تمام متاثر مسلم ممالک کے لیے مانگی جانے والی دُعائیں قبول نہیں ہوتیں۔ اس میں مقدس مقامات و عبادات کی فضیلت پر کوئی شک نہیں نہ وہ بے فیض ہیں۔ جیسے ہم گندے برتن میں دودھ نہیں ڈالتے ایسے خدا سودی نظام میں جینے والوں پر نظر برکت نہیں ڈال سکتا۔ ہم سودی نظام میں مجبور ہیں تو وہ خدا اپنے نوری نظام میں مجبور ہے۔ میرا تو اُس سوچ پر لعنت برسانے کو جی چاہتا ہے جو غلیظ نظام سے اوپر اُٹھنے کی بجائے خدا کو اُس کے مقام سے نیچے لا کر اپنے ساتھ سمجھتی ہے۔ جب تک سودی نظام و معاملات سے توبہ نہ کی مسلمانوں کے لیے عزت و سکون پیدا نہیں ہو سکتے۔ نالائق حکمرانوں کی بے انتہا مہنگائی کے باوجود سودی قرضوں کے بغیر ملک چلایا نہیں جا رہا اور ہر پاکستانی بجٹ میں سودی قرضوں کی وصولی کے لیے آئی ایم ایف کے غیر مسلم نمائندے طے کرتے ہیں کہ پاکستان کے مسلمانوں نے کون سی چیز کتنے کی خریدنی ہے۔

دِل کی کھڑکی کھولیں

ایک خبر نے میرے دماغ کے تانے بانے ہلا دیئے یہ نشتر ہسپتال کے آئی سی یو وارڈ میں گیارہ سال سے داخل 26 سالہ نوجوان کے وفات پا جانے کی خبر تھی۔ 2014ء میں اُسے ٹریفک حادثے میں سر پر شدید چوٹ لگی، ملتان اور لاہور کے ہسپتالوں میں علاج ہوا، کچھ بحالی ہوئی تو گھر آ گئے، لیکن شومئ قسمت کہ گھر کی سیڑھیوں سے گرے اور وہی چوٹ ایک ایسا المیہ بن گئی کہ نشتر ہسپتال کے آئی سی یو وارڈ میں یہ نوجوان گیارہ سال تک اس طرح پڑا رہا کہ ہل سکتا تھا نہ چل سکتا تھا۔ اُس کی یہ قید 31 جولائی 2026ء کو اُس وقت ختم ہو گئی جب وہ زندگی کی قید سے آزاد ہو گیا۔ اُس وقت سے میرے ذہن میں یہ خیال کچوکے لگا رہا ہے کہ اُس نے ہسپتال کی آئی سی یو میں جو گیارہ سال گزارے کیا اُسے زندگی کے گیارہ سال کہا جا سکتا ہے؟ زندگی ایک بیڈ پر ساکت پڑے رہنے کا نام تو نہیں، مگر اُس کے لئے تو یہی زندگی رہ گئی تھی۔ وہ آئی سی یو میں نہ ہوتا تو شاید اسے یہ گیارہ معذوری کے سال بھی نہ ملتے۔ اُس کے ورثاء کی ہمت ہے وہ اُس کے ساتھ اس حالت میں جیتے رہے۔ اُن کے دِلوں پر اُسے یوں بے حرکت پڑے ہوئے دیکھ کر کیا گذرتی ہوگی یہ وہی جانتے ہیں۔ یہ حادثات تو ایسی اَن گنت کہانیاں روزانہ تشکیل دیتے ہیں تاہم ان کہانیوں میں چھپے درد کو کوئی کوئی محسوس کرتا ہے۔ کہنے کو محمد اسد 26 سال جیا مگر نہیں صاحب اُس کی زندگی تو 2014ء میں اُس وقت جامد ہو گئی تھی جب وہ حادثے میں دماغی صلاحیت کھو بیٹھا تھا۔ جب اُس کے دماغ کا حرام مغز پانی کی طرح بہہ نکلا تھا۔ وہ ہنسی مسکراتی زندگی جو اُس حادثے سے پہلے تھی، وہ تو کہیں گم ہو گئی تھی، بس اب تو وہ زندہ لاش تھا، جسے اُس کے والدین اور ورثاء نے اٹھانا تھا، ان گیارہ برسوں میں محمد اسد نے چلتے پھرتے انسانوں کو جس حسرت سے دیکھا ہوگا، اُس کا اندازہ ہم چلتے پھرتے انسان کیسے کر سکتے ہیں۔ ہمیں تو روزانہ اس بات سے فرصت نہیں ہوتی، دس کو بیس کیسے کریں، کسی کا حق ماریں یا ظلم ڈھائیں بس اپنا گھر بھر لیں۔ وہ ایک حسرتِ نگاہ جو کوئی شدید بھوکا کھاتے ہوؤں پر ڈالتا ہے وہ حسرت کی نگاہ گیارہ برسوں میں اس بدقسمت نوجوان نے شاید لاکھوں مرتبہ ڈالی ہوگی۔ آزاد زندگی کو زندگی کی قید میں گزارنے کا تجربہ کسی کو ہوا تو وہ سمجھے کہ ایک ہی بیڈ پر پڑے ہوئے انسان کے دُکھ کیا ہوتے ہیں۔ ہم اپنے گذرے ہوئے گیارہ سال کو یاد کریں تو پلک جھپکنے میں گزر جاتے ہیں، مگر محمد اسد نے یہ گیارہ سال کیسے گزارے، اُس کے لواحقین، معالجوں اور نرسوں نے ایک ایک دن کا حساب کیسے رکھا یہ کوئی اور نہیں جان سکتا۔

کسی بڑے ادیب، بڑے لکھاری کی نظر اُس کہانی پر پڑے تو شاید وہ ادب عالیہ کا کوئی شاہکار تخلیق کر دے، لیکن ہم تو وہ معاشرہ ہیں جہاں ایسی کہانیوں کی روزانہ فصل اُگتی ہے۔ حادثات کی حشر سامانی آئے روز ایسے واقعات اور کرداروں کو جنم دیتی ہے کہ جو اپنی اپنی جگہ عبرت کا سامان ہوتے ہیں۔ ملتان کے صحافی ناصر محمود شیخ کے پاس ایسی اَن گنت کہانیوں کا ذخیرہ موجود ہے۔ درد کی یہ کہانیاں ہمیں بتاتی ہیں کہ چلتی ہوئی زندگی کو اچانک بریک کیسے لگ جاتی ہے، مرنے والے تو دائمی دُکھ دے کر چلے جاتے ہیں اور نظام قدرت کے تحت اُن کے جانے پر جلد یا بدیر صبر بھی آ جاتا ہے، لیکن جوان حادثات میں زخمی ہو کر بستروں پر آ جاتے ہیں وہ زندگی کو گزارتے نہیں، بلکہ زندگی جیسے چاہے انہیں گذارتی ہے۔ پاکستان اُن ممالک میں سرفہرست ہے جہاں حادثات میں مستقل معذوری کی شرح سب سے زیادہ ہے۔ ایسے حادثات موٹر سائیکل سواروں کو زیادہ پیش آتے ہیں اور اُن میں بھی زیادہ تعداد نوجوانوں کی ہوتی ہے۔ کسی ایک گھر میں حادثے کا ایک مستقل معذور آ جائے تو اُس کی بڑی آزمائش شروع ہو جاتی ہے، بچہ تھوڑا سا قد نکالے تو والدین کی پہلی ترجیح یہی ہوتی ہے اسے موٹر سائیکل لے دی جائے، پرانے استاد کہا کرتے تھے موٹر سائیکل شیطان کا چرغہ ہے اس پر بیٹھنے والا اگر بھٹک جائے تو اُس کی زندگی داؤ پر لگ جاتی ہے۔ میں اُس منظر کو بھی نہیں بھول سکتا جب ایک قریبی عزیز کا بیٹا جین سے ایم بی بی ایس کر کے لوٹا، ملتان کے پرانے دوستوں سے ملا تو انہوں نے کہا آؤ آج موٹر سائیکلوں کی ریس لگاتے ہیں۔ آج والدین کہتے ہیں کاش ہمیں معلوم ہوتا ہم اُسے کبھی نہ جانے دیتے، وہ اس رات دوستوں کے ساتھ کھانے کا کہہ کر گیا اور پھر کبھی نہ لوٹا، ہاں اُس کی خون میں تر نعش ضرور والدین کو دیکھنے کے لئے ملی اب وہ اکلوتے بیٹے کا غم لئے آہیں بھرتے ہیں، جس کے ماتھے پر سہرا سجانے کی تیاریاں بھی کر رہے تھے۔ سو پہلا شکر تو اِس بات کا بنتا ہے کہ آپ کی اولاد فرماں بردار ہو، آپ کا کہا مانے، اُس دُکھ کو محسوس کرے جو اُسے نقصان پہنچنے سے والدین کو مل سکتا ہے، دوسرا شکر اِس بات پر ادا کریں کہ زندگی کی مشینی دوڑ میں آپ بچوں کی طرف سے غافل نہیں ہوتے، اُن پر توجہ دی، نظر رکھی۔ اُن کے معمولات کو انہی پر چھوڑنے کی بجائے اپنی آنکھ کا پہرہ بھی رکھا۔

محمد اسد جیسی کہانیوں کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ ہم اُن سے سبق سیکھیں، زندگی کو بے حسی کی مشین نہ بنائیں، بلکہ قدم قدم پر شکر بجا لائیں کہ سب کچھ کر سکنے والا اب ہم پر اتنا مہربان ہے کہ ہمیں ایسی کسی آزمائش سے بچایا ہوا ہے وہ اس بات پر قادر ہے کہ زندگی دے اور حرکت نہ دے۔ وہ اِس بات پر بھی پورا اختیار رکھتا ہے کہ ماہ و سال تو کئی بخشے مگر اُن کی چاشنی ختم کر دے، خواہشوں اور حسرتوں میں ڈوبے ہوئے ہم لوگ جو ملا ہے اُس پر شکر ادا نہیں کرتے جو دوسروں کے پاس ہے اُسے دیکھ کر کڑھتے ہیں، ہمیں محمد اسد جیسے کردار نظر نہیں آتے جو بے چارگی کی تصویر بنے زندگی کے دن گزارتے ہیں، بلکہ بڑی گاڑیوں میں گھومتے اور بڑے ہوٹلوں پر کھانے کھاتے لوگ نظر آتے ہیں جن پر نگاہ ڈالتے ہی ہمارے اندر ناشکری کی آندھیاں سی چلنے لگتی ہیں ہم یہ نہیں سوچتے کہ مال و اسباب اور زمانے بھر کے تعیشات کے ساتھ اگر ہمیں محمد اسد کی طرح گیارہ سال گزارنا پڑیں تو زندگی کس قدر اذیت ناک بن جائے، پھر تو سب چیزیں ایک بوجھ بن جائیں اور زبان پر ایک ہی فریاد ہو، مولا مجھے صحت والی زندگی دے دے۔ معذوری کا تو ایک لمحہ نہیں کٹتا، گیارہ سال تو موت سے بھی بھاری لگتے ہیں مگر کیا کریں صاحب، ہم ایسی حقیقتوں سے سبق نہیں سیکھتے، سبق سیکھنے کے لئے بھی تو دِل کی کھڑکی کا کھلا ہونا ضروری ہے۔

ان کہی

نسیم شاہد
nasimshahid7@hotmail.com

یہودی سازش کی تکمیل تک

ایران اس وقت اپنی بقاء کی جنگ لڑ رہا ہے۔ انقلاب ایران کو 47 سال ہو چکے ہیں۔ امریکہ اور اسرائیل اسے ناکام بنانے پر تلے رہے ہیں۔ خمینی انقلاب سے پہلے ایران خطے میں سی آئی اے کا مرکز ہوتا تھا یہاں سے خطے کے دیگر ممالک پر نظر رکھی جاتی تھی۔ ایران مغربی تہذیب کا بھی مرکز تھا ایرانی خوبصورت الاصل و نسل ہیں۔ مغربی تہذیب نے انہیں اور بھی خوبصورت بنا ڈالا تھا لیکن خمینی انقلاب کے بعد سب کچھ بدل گیا۔ انقلابی حکمرانوں نے ایران کو ایک مذہبی ریاست میں تبدیل کر دیا جہاں سپریم آیت اللہ کا حکم چلتا ہے۔ عورتیں مکمل پردہ داری کے ساتھ ہی گھر سے باہر نکل سکتی ہیں۔ ایرانی معاشرے پر مغربی تہذیب کی چھاپ مکمل طور پر ختم ہو چکی ہے۔ مذہبی لوگوں کے احکامات سے سرمو انحراف بھی ممکن نہیں رہا۔ طویل معاشی پابندیوں نے معاملات میں بگاڑ پیدا کیا ہے۔ تیل کی دولت ہونے کے باوجود عالمی اقتصادی پابندیوں نے ایران کی تعمیر و ترقی نہیں ہونے دی۔ ایران غربت و افلاس کا شکار ہے۔ ملاؤں کی سخت گیر پالیسیوں نے جلتی پر تیل کا کام کیا ہے۔ عوام میں بے اطمینانی پائی جاتی ہے۔ پاسداران انقلاب کے غیر منطقی رویوں نے بھی معاملات میں بگاڑ پیدا کیا ہے۔ پاسداران انقلاب کے سپریم لیڈر کے ساتھ موثر و مضبوط تعلقات نے حکومت کو کٹھ پتلی بنا رکھا ہے۔ ایرانی انقلابی قیادت نے انقلاب کی کامیابی کے فوراً بعد جہاں مرگ بر امریکہ اور مرگ بر اسرائیل کا شیوہ اپنایا وہاں امریکی حلیف مسلمان ممالک کے ساتھ بھی مخاصمت شروع کر دی تھی ان میں سعودی عرب اور پاکستان سرفہرست تھے اس وقت پاکستان میں جنرل ضیاء الحق کی حکومت تھی اور پاکستان امریکہ کے ساتھ شیر و شکر تھا۔ سعودی عرب بھی سی آئی اے کی سرگرمیوں کا مرکز تھا۔ ایران نے سعودی عرب کے خلاف بالخصوص محاذ آرائی کو فروغ دیا۔ عرب و عجم کی پرانی کشمکش ایرانی انقلاب کے بعد کھل کر ایک بار پھر سامنے آنے لگی۔ ایرانی حکومت نے شیعہ ازم کے فروغ کے لئے بھی کاوشیں کیں۔ پاکستان میں بالخصوص شیعہ مسلک کو بڑھاوا دیا گیا جس سے پاکستان میں شیعہ سنی آویزش بڑھی۔ فرقہ واریت نے اپنی جڑیں پھیلائیں۔ آگ بھڑکی۔ امریکہ نے ایران کا ہوا دکھا کر عربوں کو ڈرایا۔ دھمکایا اور ان کی دولت پر قبضہ جمایا۔ اب مشرق وسطیٰ کی سیاست ہی تبدیل نہیں ہوئی بلکہ عالمی سیاست کی حرکیات بھی تبدیل ہو چکی ہیں۔ گریٹر اسرائیل کا قیام کھل کھلا کر سامنے آ چکا ہے۔ یہودی سازش جس کے بارے میں ہم کبھی پڑھا اور سنا کرتے تھے۔ طشت از بام ہو چکی ہے۔ اسرائیل عربوں پر غالب آیا چاہتا ہے۔ امریکی ریاست اور دیگر یورپی ممالک بر بنائے مقتدہ تھرڈ ٹیمپل کی تعمیر کیلئے اسرائیل کے معاون بنے ہوئے ہیں۔ عیسائی دنیا یسوع مسیح کی آمد ثانی کی منتظر ہے جس کی تیاری کی جا رہی ہے۔ تھرڈ ٹیمپل کی تعمیر اس کی ایک اہم کڑی ہے۔ یہودی عالمی غلبے کے لئے اپنے مسیحا کے منتظر ہیں لیکن ان کا مسیحا یسوع مسیح نہیں ہے حالانکہ عیسیٰ ابن مریم ہی یہودیوں کے مسیحا تھے اللہ تعالیٰ نے انہیں یہودیوں کی نجات کیلئے ان کی طرف بھیجا تھا۔ یہودیوں نے ان کی تکذیب کی، تکالیف دیں اور بالآخر انہیں صلیب پر چڑھا دیا۔ اللہ رب العزت کا قہر یہودیوں پر نازل ہوا۔ انہیں تباہ و برباد کر دیا گیا۔ بیکل سلیمانی برباد ہو گیا۔ یہودی منتشر کر دیئے گئے اس واقع کو دو ہزار سال سے زائد گزر چکے۔ یہودی اپنا دور عظمت لوٹانا چاہتے ہیں۔ 1948ء میں ریاست اسرائیل کا قیام ایسی ہی سوچ اور کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ یہودی اب بیکل کی تعمیر میں یکسو ہیں، فلسطینیوں کو تباہ و برباد کیا جا چکا ہے۔ عربوں کی وقعت ختم ہو چکی ہے۔ حالیہ ایران۔ اسرائیل و امریکہ جنگ بھی اس سلسلے کی ایک کڑی نظر آ رہی ہے اس جنگ میں نہ امریکہ کو کوئی نقصان پہنچ رہا ہے اور نہ ہی اسرائیل کو۔ تباہی اگر پھیل رہی ہے تو عالم عرب میں۔ بربادی عربوں کی ہو رہی ہے اور برباد کرنے والا ایران ہے اسے بڑھاوا امریکہ دے رہا ہے۔ اسرائیل خاموشی سے تماشا دیکھ رہا ہے۔ ایران۔ امریکہ کشمکش میں ہر آنے والا دن عربوں کی تباہی کا پیغام لا رہا ہے۔ عربوں کی دولت تیل ہے اور تیل کی تجارت ہی نشانے پر ہے۔ ایران و عرب برباد ہو رہے ہیں۔ اسرائیل توانا ہو رہا ہے۔ اسرائیل بڑی تندہی کے ساتھ گریٹر اسرائیل کے نقشے میں رنگ بھرنے کے لئے عربوں کے ان علاقوں پر قبضہ کرتا چلا جا رہا ہے جو گریٹر اسرائیل کی سرحدوں میں شامل کرنا چاہتا ہے۔ اسرائیل آسانی سے اپنا جغرافیہ، اپنے طے کردہ نقشے کے مطابق بڑھاتا اور پھیلاتا چلا جا رہا ہے اسے روکنے والا کوئی نہیں ہے۔ غزہ میں اس نے فلسطینیوں کا قتل عام کیا اور ہنوز یہ جاری ہے۔ ساڑھے تین لاکھ سے زائد فلسطینی قتل کئے جا چکے ہیں۔ غزہ تقریباً مکمل طور پر ناقابل رہائش بنا دیا گیا ہے۔ اسرائیلی عزائم کی راہ میں کوئی رکاوٹ نظر نہیں آ رہی، یہودی سازش اپنا آپ دکھا رہی ہے۔ جنگ کی آگ بھڑک رہی ہے عربوں پر تباہی نازل ہو رہی ہے۔ حوثی بھی فعال ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ سعودی عرب بھی جنگ میں ملوث ہوتا نظر آ رہا ہے۔ لگتا ہے کہ مشرق وسطیٰ کو مکمل تباہی سے ہمکنار کرنے کی سازش روبہ عمل ہے۔

کرنٹ افیئرز

مصطفیٰ کمال پاشا

کلام اقبال



آپ سب ایک قوم سے تعلق رکھتے ہیں
آپکو چاہئے کہ بنگالی، سندھی، بلوچی، پٹھان وغیرہ کی باتیں نہ کریں۔
(ڈھاکہ.....31 مارچ 1948ء)

فرمودات قائد



کس درجہ یہاں عام ہوئی مرگِ تخیل
ہندی بھی فرنگی کا مقلد، عجمی بھی!
مجھ کو تو یہی غم ہے کہ اِس دور کے بہزاد
کھو بیٹھے ہیں مشرق کا سرورِ ازلی بھی
(ضربِ کلیم)

شہرنامہ SHEHAR NAMA

فن و ثقافت

مرونل ٹھاکر کی خود سے 10 سال چھوٹے کرکٹر سے تعلق کی خبروں پر تشویش کا اظہار

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی اداکارہ مرونل ٹھاکر نے اپنے سے 10 سال کم عمر کرکٹر یشاسوی جیسوال کے ساتھ مبینہ تعلقات کی خبروں پر خاموشی توڑتے ہوئے انہیں بے بنیاد قرار دے دیا۔ ہندی اور تیلگو فلموں میں کام کرنے والی 34 سالہ اداکارہ نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ایک ویڈیو کے ردعمل میں افواہوں پر برہمی کا اظہار بھی کیا بھارتی اداکارہ مرونل ٹھاکر نے اپنے سے 10 سال کم عمر کرکٹر یشاسوی جیسوال کے ساتھ مبینہ تعلقات کی خبروں پر خاموشی توڑتے ہوئے انہیں بے بنیاد قرار دے دیا۔ ہندی اور تیلگو فلموں میں کام کرنے والی 34 سالہ اداکارہ نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ایک ویڈیو کے ردعمل میں افواہوں پر برہمی کا اظہار بھی کیا مرونل اور یشاسوی جیسوال کے درمیان ڈیٹنگ کی قیاس آرائیوں نے اس وقت زور پکڑا جب دونوں کو ممبئی کے علاقے باندرہ ویسٹ میں ایک ہی کیفے سے باہر نکلتے ہوئے دیکھا گیا۔ اس منظر کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تو صارفین نے دونوں کے درمیان تعلقات سے متعلق قیاس آرائیاں شروع کر دیں

بقیہ نمبر 1

میمونہ انجم نے کی۔ تفصیلات کے مطابق، تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر جہلم عبداللہ غازی خان، ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر جہلم محمد عبداللہ راجہ اور اسسٹنٹ کمشنر کوآرڈینیشن ملک عامر شہزاد نے بطور مہمانانِ خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں پاکستان ▢▢▢، سعودی عرب ▢▢▢ اور ترکیہ ▢▢▢ کے قومی پرچم آویزاں کیے گئے۔ طلبہ و طالبات نے ملی نغمے پیش کیے جبکہ بچوں نے مختلف ڈرامے اور ٹیبلوز بھی پیش کیے، جنہیں شرکاء نے سراہا۔ اس موقع پر مکہ باہمی دفاعی معاہدے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا گیا کہ معاہدے کے تحت تینوں ممالک نے باہمی سلامتی اور دفاعی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ معاہدے کی روح کے مطابق تینوں ممالک میں سے کسی ایک کے خلاف عسکری یا بیرونی جارحیت کو مشترکہ سلامتی کے لیے خطرہ تصور کرتے ہوئے اجتماعی دفاع کے عزم کا اظہار کیا گیا ہے۔ شرکاء نے اس عزم کو سراہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کسی بھی بیرونی جارحیت یا مشترکہ سلامتی کو درپیش خطرے کے مقابلے میں باہمی تعاون اور مشترکہ دفاعی حکمتِ عملی کے ذریعے ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہوں گے

بقیہ نمبر 2

میرٹ پر مبنی جامع سلیکشن عمل اپنایا ہے۔ اسلام آباد میں حال ہی میں اختتام پذیر ہونے والی قومی گرلز انڈر-18 / انڈر-21 چیمپئن شپ کی سرفہرست چار ٹیموں کی تمام کھلاڑیوں کو کیمپ میں طلب کیا جائے گا تاکہ وہ ٹیم میں جگہ بنانے کے لیے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکیں۔ مزید برآں، خیبر پختونخوا، کوئٹہ/بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر سے تعلق رکھنے والی ان انفرادی کھلاڑیوں کو بھی ٹرائلز کے لیے مدعو کیا جائے گا جنہوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بین الاقوامی سطح پر کھیلنے کی صلاحیت ثابت کی ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد یہ یقین دہانی کرانا ہے کہ پاکستان کے ہر خطے کے باصلاحیت کھلاڑیوں کو ملک کی نمائندگی کا مساوی موقع ملے۔ حتمی انتخاب کا انحصار تمام ترکیمپ اور ٹرائلز کے دوران کھلاڑیوں کی کارکردگی، تکنیکی مہارت، فٹنس، حکمتِ عملی کی سمجھ بوجھ، ڈسپلن اور صلاحیتوں پر ہوگا۔ پی ایچ ایف کے صدر محی الدین احمد وانی کا کہنا تھا کہ جونیئر ایشیا کپ میں پاکستان گرلز ٹیم کی شرکت، فیڈریشن کی جانب سے خواتین کی ہاکی کو دوبارہ فعال کرنے کی کوششوں کا ایک اہم سنگِ میل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہماری کھلاڑیوں میں بے پناہ صلاحیت، جنون اور قابلیت موجود ہے۔ ہم انہیں بین الاقوامی سطح پر کھیلنے اور پاکستان ہاکی کے روشن مستقبل کا ستارہ بننے کے مواقع فراہم کرنا چاہتے ہیں۔

بقیہ نمبر 3

قبضہ بھی فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کو حاصل ہو چکا ہے۔ یہ آپریشن ڈپٹی کمشنر/لینڈ ایکوزیشن کلیکٹر جناب الماس صبیح ثاقب اور ڈائریکٹر لینڈ اینڈ انفورسمنٹ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی نگرانی میں متعلقہ حکام اور FGEHA کی ٹیموں کے تعاون سے چار روز تک مسلسل جاری رہا، جبکہ آج بھی سیکٹر G-15/3 میں انسدادِ تجاوزات کارروائی کی گئی۔ اس سے قبل منعقدہ تقریب میں واگزار کروائی گئی اراضی سے متعلق 38 متاثرین میں پلاٹس کے الاٹمنٹ لیٹرز اور متعلقہ دستاویزات رکنِ قومی اسمبلی جناب انجم عقیل خان کی موجودگی میں باضابطہ طور پر تقسیم کیے گئے تھے۔ ڈپٹی کمشنر/لینڈ ایکوزیشن کلیکٹر جناب الماس صبیح ثاقب نے کہا کہ سیکٹر G-15/3 میں انسدادِ تجاوزات آپریشن اور اراضی واگزار کروانے کا عمل الاٹیز اور متاثرین کے حقوق کے تحفظ کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام متعلقہ اداروں کے تعاون سے کارروائی کو موثر انداز میں آگے بڑھایا گیا ہے اور اب سیکٹر میں موجود تمام BUPs کیسز سے متعلق اراضی کا قبضہ FGEHA کے پاس آ چکا ہے۔ ڈائریکٹر لینڈ و انفورسمنٹ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد نے کہا کہ FGEHA کی جانب سے سرکاری اراضی کے تحفظ اور غیر قانونی قبضوں کے خاتمے کے لیے کارروائیاں بلاامتیاز جاری رکھی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ واگزار کروائی گئی اراضی کو اتھارٹی کے منصوبے اور الاٹیز کے مفادات کے مطابق بروئے کار لانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل کیپٹن (ر) ظفر اقبال کی قیادت میں اتھارٹی کی ترقیاتی سرگرمیاں مزید تیزی سے جاری رہیں گی اور الاٹیز کو جلد از جلد بنیادی سہولیات کے ساتھ اپنی جائیدادوں سے استفادہ کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ سیکٹر G-15/3 میں جاری کارروائی کا بنیادی مقصد سرکاری اراضی کو تجاوزات سے پاک کرنا، الاٹیز کے حقوق کا تحفظ اور منصوبے کی ترقی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا ہے۔ اتھارٹی کی جانب سے اس عزم کا اعادہ کیا گیا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، میرٹ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ سیکٹر G-15/3 میں ترقیاتی کاموں کو مزید تیز کیا جائے گا اور الاٹیز کو جلد از جلد بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ FGEHA انتظامیہ نے اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ وفاقی سرکاری ملازمین اور دیگر الاٹیز کو معیاری، محفوظ اور جدید رہائشی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے اور سیکٹر G-15/3 میں اراضی کے تحفظ، ترقیاتی عمل اور الاٹیز کے حقوق کے حوالے سے قانون کے مطابق کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 4

اشتہاریوں سمیت 25 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر لیا گیا۔ ملزمان کے قبضے سے منشیات اور غیر قانونی اسلحہ بمعہ ایمونیشن برآمد ہوا۔ اسلام آباد پولیس کے مطابق آئی جی اسلام آباد کے خصوصی احکامات پر وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ تھانہ نرتوفل، رمنا، مارگلہ، سہالہ، سنٹل، لوہی بھیر، شہزاد ٹاؤن، کورال، پھگلاں، شالیمار، شمس کالونی، سیکرٹریٹ اور کھنہ پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 19 ملزمان کو گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 515 گرام ہیروئن، 589 گرام آئس، 1061 بوتلیں شراب، مختلف بور کے 8 پستول بمعہ ایمونیشن اور ایک خنجر برآمد کیا گیا۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق مجرمان اشتہاری، سابقہ ریکارڈ یافتہ اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے جاری خصوصی مہم کے دوران مزید 6 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر وقت مصروفِ عمل ہے اور کسی بھی عنصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے، جبکہ شہری کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر دیں۔

بقیہ نمبر 5

متعدد دیگر گاڑیاں چوری کرنے کا بھی انکشاف کیا ہے جبکہ پولیس مزید تفتیش جاری رکھے ہوئے ہے۔ ایس ایس پی انویسٹیگیشن اسلام آباد سلیمان ظفر نے کہا کہ شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور ٹھوس شواہد کی روشنی میں ملزمان کے چالان عدالت میں پیش کر کے انہیں قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر 6

اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کامران صغیر کی صدارت منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر مری، چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) ہیلتھ سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی، اجلاس کے دوران ڈینگی کے ممکنہ خطرات سے نمٹنے کے لیے اب تک کیے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

بقیہ نمبر 7

سے جمع کرائے گئے بورڈ میٹنگ کے منٹس اور سہالہ سلاٹر ہاؤس کو اپ گریڈ کرنے کے فیصلے پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں سینیٹر نائب صدر جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن جاوید قریشی، جنرل سیکرٹری سردار ظہیر احمد، عبدالعزیز قریشی، زاہد مسعود خان، آصف راجپوت، اقبال قریشی، حاجی راحت جاوید قریشی، اعجاز صاحب، ملک فیاض صاحب، رکن زمان، شیخ عمران اور دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس میں سہالہ سلاٹر ہاؤس کو اپ گریڈ، ازسرِ نو تعمیر یا جدید بنانے کے فیصلے کو متفقہ طور پر مسترد کرتے ہوئے کہا گیا کہ گزشتہ تین سال سے جاری طویل جدوجہد کے بعد سی ڈی اے اب یہ موقف اختیار کر رہا ہے کہ کمشنر راولپنڈی سے مشاورت کے بعد سہالہ سلاٹر ہاؤس کو اپ گریڈ کیا جائے گا، نیا تعمیر کیا جائے گا یا اسے جدید بنایا جائے گا، جو اسلام آباد میں گوشت کے کاروبار سے وابستہ اصل اسٹیک ہولڈرز کے مؤقف کو مکمل طور پر نظرانداز کرنے کے مترادف ہے۔ مرکزی صدر خورشید احمد قریشی نے کہا کہ سلاٹر ہاؤس کے استعمال اور اس سے براہِ راست وابستہ جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن کے عہدیداران ہی متعلقہ اسٹیک ہولڈرز ہیں، تو پھر ان کی مشاورت کے بغیر یہ فیصلہ کیسے کیا جا سکتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ سی ڈی اے کو کسی بھی فیصلے سے قبل متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لے کر باقاعدہ مشاورت کرنی چاہیے، کیونکہ سلاٹر ہاؤس کے حوالے سے اصل ضرورت، مسائل اور زمینی حقائق سے سب سے زیادہ یہی اسٹیک ہولڈرز واقف ہیں۔ خورشید احمد قریشی نے کہا کہ سہالہ سلاٹر ہاؤس اسلام آباد میں گوشت کے کاروبار سے وابستہ اسٹیک ہولڈرز سے تقریباً 40 سے 50 کلومیٹر دور ہے، جبکہ یہ منصوبہ راولپنڈی کی حدود میں واقع ہے۔ اسلام آباد ایک الگ انتظامی ضلع اور پاکستان کا وفاقی دارالحکومت ہے، جس کے انتظامی امور بھی راولپنڈی سے الگ ہیں، اس لیے اسلام آباد کی ضروریات پوری کرنے کے لیے راولپنڈی کی حدود میں موجود ایک پرانے منصوبے پر انحصار کسی صورت مناسب نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سہالہ سلاٹر ہاؤس 1960 کی دہائی کے قائم ہے، جبکہ اس وقت یوگوسلاویہ کی جانب سے بھی اس منصوبے میں سرمایہ کاری کی گئی تھی، لیکن یہ منصوبہ وقت کے ساتھ اپنی افادیت اور ضروریات پوری کرنے میں ناکام ہو چکا ہے۔ ایسے ناکام اور پرانے منصوبے پر دوبارہ قومی خزانے سے رقم خرچ کرنا ملکی وسائل کو ضائع کرنے کے مترادف ہے۔ حکومت کو ناکام منصوبے پر دوبارہ پیسہ لگانے کے بجائے اسلام آباد کی ضروریات کے مطابق نیا اور مستقل سلاٹر ہاؤس تعمیر کرنا چاہیے۔ مرکزی صدر نے کہا کہ جدید سلاٹر ہاؤس فوڈ سیفٹی، حلال گوشت، جانوروں کے طبی معائنے، حفظانِ صحت، گوشت کے معیار اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ اسلام آباد میں گوشت کے کاروبار سے وابستہ جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن کے عہدیداران کے لیے شہر کی حدود میں جدید، مستقل اور اسٹیٹ آف دی آرٹ سلاٹر ہاؤس وقت کی اہم ضرورت ہے۔ خورشید احمد قریشی نے وفاقی وزیر داخلہ سے مطالبہ کیا کہ وہ اسلام آباد کے سلاٹر ہاؤس کے معاملے کا فوری نوٹس لیں اور سی ڈی اے کو پابند کریں کہ کسی پرانے اور ناکام منصوبے پر دوبارہ قومی خزانے سے رقم خرچ کرنے کے بجائے I-11/4 میں جدید، مستقل اور اسٹیٹ آف دی آرٹ سلاٹر ہاؤس کی تعمیر کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن نے واضح کیا کہ اسلام آباد کے سلاٹر ہاؤس کے حوالے سے اصل اسٹیک ہولڈرز کو نظرانداز کر کے کوئی بھی فیصلہ قابلِ قبول نہیں ہوگا۔ ایسوسی ایشن I-11/4 میں جدید سلاٹر ہاؤس کے قیام کے اپنے دیرینہ مطالبے سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوئی اور اس معاملے کو ہر متعلقہ فورم پر بھرپور انداز میں اٹھاتی رہے گی۔

بقیہ نمبر 8

لیا ہے، ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی خصوصی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مری/میڈیکل ڈائریکٹر (MD) مری پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی (PHA) مری نے ڈی سی آفس امپروومنٹ ٹرسٹ مری اور معروف تفریحی مقام پی آئی اے پارک کشمیر پوائنٹ مری میں مختلف اقسام کی جدید اور رنگ برنگی لائٹس نصب کروا دی ہیں جس سے ملک بھر سے جشنِ آزادی منانے کیلئے آنیوالے سیاحوں اور مقامی لوگوں کو کشش جدید ترین رنگ برنگی لائٹس دیکھنے کا موقع ملے گا

بقیہ نمبر 9

شامل کئے جائیں گے۔ حکومت نے وزارت منصوبہ بندی کے اڑان پاکستان پلان کو بھی ویژن پاکستان 2047 کے مطابق تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے، اس سلسلے میں وزیراعظم آفس نے تمام وزارتوں اور متعلقہ اداروں سے ویژن پاکستان 2047 کیلئے اہداف طلب کر لئے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ویژن پاکستان 2047 کیلئے تمام وزارتوں کو سٹریٹجک اہداف، اصلاحات اور طویل المدتی ترقیاتی ایجنڈا فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، جبکہ نیشنل ڈویلپمنٹ، اکنامک ٹرانسفارمیشن، ہیومن کیپیٹل ڈویلپمنٹ اور ٹیکنالوجی سے متعلق اہداف بھی منصوبے کا حصہ ہوں گے۔ ویژن پاکستان 2047 میں موسمیاتی پائیداری اور گورننس ریفارمز جیسے اہم شعبوں کے اہداف بھی شامل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 10

نے اکتوبر 2024ء میں منشیات سپلائر شاکر کو گرفتار کیا تھا۔ ملزم کے قبضے سے 3 کلو 780 گرام چرس برآمد ہوئی تھی۔ مقدمہ کی موثر پیروی اور ٹھوس شواہد پیش کیے جانے کے پیشِ نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سناتے ہوئے 9 سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کا حکم دے دیا۔ راولپنڈی پولیس کے مطابق منشیات کے ناسور کے خاتمے اور نوجوان نسل کو اس لعنت سے محفوظ رکھنے کے لیے کارروائیاں اور قانونی اقدامات جاری رکھے جائیں گے

بقیہ نمبر 11

گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ مری کے تمام اہم بازاروں اور شاہراہوں کو قومی پرچموں اور برقی قمقموں سے سجایا جائے گا تاکہ آنے والے سیاحوں کو جشنِ آزادی کا ایک شاندار ماحول مل سکے، ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے ہدایت کی کہ 14 اگست کے روز سیاحوں کی آمد کے پیشِ نظر ٹریفک کے نظام کو رواں دواں رکھا جائے اور سکیورٹی کے فول پروف انتظامات یقینی بنائے جائیں، مرکزی انجمن تاجران اور ہوٹل ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے انتظامیہ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کا عزم ظاہر کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سیاحوں کی مہمان نوازی اور سہولت کاری میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی

بقیہ نمبر 12

دستیاب مواقع سے متعارف کرانا تھا۔ اس موقع پر ایس ایس ڈی او (SSDO) کی طرف سے شرکاء کا خیر مقدم کیا اور فاؤنڈیشن کے کام اور سماجی و ترقیاتی شعبوں میں اس کی خدمات کے بارے میں مختصراً آگاہی دی۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کی ترقی میں خواتین کا کردار انتہائی اہم ہے اور انہیں قیادت اور فیصلہ سازی کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس اوریئنٹیشن میں شرکاء کو پراجیکٹ کے مقاصد، سرگرمیوں اور خواتین کے لیے دستیاب مواقع کے بارے میں تفصیل سے بتایا گیا۔ پاکستان ویمن لیڈرز پروجیکٹ کا مقصد خواتین کی قیادتی صلاحیتوں کو بہتر بنانا، ان کے اعتماد میں اضافہ کرنا اور انہیں سیاسی و سماجی عمل میں موثر کردار ادا کرنے کے لیے تیار کرنا ہے۔ اوریئنٹیشن پروگرام میں شرکاء کو آن لائن درخواست جمع کرانے کے طریقہ کار کے بارے میں عملی طور پر آگاہ کیا گیا۔ اور پاکستان ویمن لیڈرز کے آن لائن پورٹل پر درخواست کے مختلف مراحل کو تفصیل سے سمجھایا گیا امیدوار فارم میں مطلوبہ معلومات کس طرح درج کر کے اپنی درخواست مکمل اور جمع کرا سکتی ہیں۔ شرکاء کو بتایا گیا کہ یہ 34 ماہ کا پروگرام ہے، جو پاکستان کے 57 اضلاع میں جاری ہے۔ پروگرام کے تحت خواتین کی قیادت کو فروغ دینے کے لیے تربیتی سیشنز، بوٹ کیمپس، مینٹورشپ اور دیگر سرگرمیوں کا اہتمام کیا جائے گا۔ سیشن کے دوران شرکاء نے خواتین کی سیاسی اور سماجی شرکت، پروگرام میں درخواست دینے کی اہلیت، نامزدگی اور انتخاب کے طریقہ کار سمیت مختلف امور کے بارے میں سوالات کیے، جن کے جوابات دیے گئے اور ضروری رہنمائی فراہم کی گئی۔ شرکاء نے پاکستان ویمن لیڈرز پروجیکٹ کو خواتین کو آگے بڑھنے اور قیادت کے مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے ایک اہم اقدام قرار دیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سیاسی جماعتیں، سول سوسائٹی، میڈیا، بار ایسوسی ایشنز اور دیگر ادارے اپنے اپنے حلقوں میں اہل اور باصلاحیت خواتین تک اس پروگرام کی معلومات پہنچائیں تاکہ زیادہ سے زیادہ خواتین اس موقع سے فائدہ اٹھا سکیں۔

بقیہ نمبر 13

امتحانات میں 1090 نمبر حاصل کر کے نمایاں کامیابی حاصل کی اریج فاطمہ کی شاندار تعلیمی کارکردگی پر ڈسٹرکٹ پریس کلب مری رجسٹرڈ، مری پریس کلب مری، مری الیکٹرانک میڈیا اور مری یونین آف جرنلسٹس کے تمام عہدیداروں، اراکین نے اریج فاطمہ انکے اہلِ خانہ، عزیز و اقارب اور اساتذہ کو شاندار کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے انکی مزید کامیابیوں کی دعا کی ہے اور تمناؤں کا اظہار کیا ہے، اریج فاطمہ نے اس موقع پر کہا کہ اگر انکے والد ظفر اقبال رحیم زندہ ہوتے تو اپنی صاحبزادی کی کامیابی پر دل کی گہرائیوں سے خوشی کا اظہار کرتے میری کامیابی میرے مرحوم والد کی دعاؤں کا نتیجہ ہے، اریج فاطمہ کی محنت، لگن اور اساتذہ کی رہنمائی کا نتیجہ ہے انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کی بیٹی کو مستقبل میں بھی مزید کامیابیاں عطا فرمائے اور ملک و قوم کا نام روشن کرنے کی توفیق دے۔

بقیہ نمبر 14

ہر منگل کے روز کی جائے گی، اس دوران موٹر سائیکلوں کی حالت، استعمال اور متعلقہ ریکارڈ کا جائزہ لیا جائے گا سی او مری کی جانب سے فیصلہ کیا گیا ہے کہ تمام انفورسمنٹ انسپکٹرز روزانہ کی بنیاد پر ڈیزائنٹڈ اسٹاف سے باقاعدہ کام لیں گے اور ان کی کارکردگی و حاضری کی بھی نگرانی کی جائے گی

بقیہ نمبر 15

فیصلے 22 تا 28 اگست کے دوران کیے جائیں گے۔ اس کے بعد امیدواروں کی نظرِ ثانی شدہ فہرست 29 اگست کو شائع کی جائے گی، جبکہ کاغذات واپس لینے کی آخری تاریخ 31 اگست مقرر کی گئی ہے۔ امیدواروں کو انتخابی نشانات کی الاٹمنٹ اور حتمی فہرست کی اشاعت یکم ستمبر 2026 کو ہوگی، جبکہ تمام اضلاع میں پولنگ کا دن 27 ستمبر (اتوار) کا طے کیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن نے واضح کیا ہے کہ اس نوٹیفکیشن کے اجراء سے قبل انتخابی پروگرام کے تحت مکمل کیے گئے تمام قانونی مراحل اور اقدامات بدستور موثر اور قانونی طور پر درست تصور کیے جائیں گے۔ چیف الیکشن کمشنر راجہ شہباز خان نے کہا ہے کہ بلدیاتی نظام خطے میں ایک نیا اور اہم انتخابی ڈھانچہ ہے۔ انہوں نے عوام اور تمام سیاسی و آزاد امیدواروں سے اپیل کی کہ وہ قانون کے مطابق انتخابی عمل میں بھرپور حصہ لیں اور جمہوریت کے استحکام و مقامی سطح پر عوامی مسائل کے حل میں اپنا مثبت کردار ادا کریں

بقیہ نمبر 16

لون، احمد ڈار اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کر کے کھلاڑیوں کا حوصلہ افزائی کی، اس خوبصورت ایونٹ کی سب سے خوش آئند بات یہ تھی کہ مری کے نوجوانوں اور بچوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمی کے لیے ایک بہترین میدان فراہم ہوا کیونکہ کھیل نہ صرف جسمانی صحت کے لیے ضروری ہیں بلکہ نوجوانوں میں نظم و ضبط، ٹیم ورک، برداشت اور مثبت سوچ بھی پیدا کرتے ہیں، اس ٹورنامنٹ سے شائقین کو ایک شاندار اور معیاری کھیل دیکھنے کو ملا، جس سے شائقین کو بھرپور محظوظ ہوئے، کامیاب اور خوبصورت سرگرمی کا سہرا اناب عباسی، سادات عباسی، بشیر خان اور ان کی پوری ٹیم کے سر جاتا ہے جنہوں نے محنت، خلوص اور بہترین انتظامات کے ذریعے اس ٹورنامنٹ کو کامیاب بنایا، مری میں کھیلوں کے فروغ اور نوجوان نسل کو صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے کے لیے ایسی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں، شرکاء نے کہا کہ اگر اس طرح کے کھیلوں کے مقابلوں کا سلسلہ جاری رہے تو مری کے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں دکھانے کے مزید مواقع میسر آئیں گے

بقیہ نمبر 17

مشاورت، مقدمات کی تیاری اور دیگر پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی کے لیے بنیادی ضرورت ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اسلام آباد کے وکلاء آخر تک چیمبرز سے محروم رہیں گے اور اس مسئلے کے حل کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے؟ انہوں نے کہا کہ متعلقہ اداروں اور بارِ قیادت کو اس دیرینہ مسئلے کا مستقل اور قابلِ عمل حل تلاش کرنا چاہیے، تاکہ دارالحکومت کے وکلاء کو باعزت اور مناسب پیشہ ورانہ ماحول میسر آ سکے۔ ملک ظہیر اعوان ایڈووکیٹ نے کہا کہ یہ محض چیمبرز کا مسئلہ نہیں بلکہ وکلاء کے پیشہ ورانہ وقار اور بنیادی حقوق کا معاملہ ہے، جس پر مزید خاموشی اختیار نہیں کی جانی چاہیے۔

بقیہ نمبر 18

سے نکال نہیں سکتیں۔ انہوں نے یہ بات اپنے دفتر میں آئے ہوئے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ ان وفود میں مولانا زاہد محمود۔ سفیر شاہ اور دیگر سیاسی و سماجی رہنما شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ عوام غربت اور مہنگائی کے ہاتھوں خودکشی کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ ہمیں ایسی پالیسیاں دینی ہوں گی جس سے غربت کا جڑ سے خاتمہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ روزانہ کی بنیاد پر پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے سے وہ مہنگائی بڑھی ہے جس کا عام آدمی متحمل نہیں ہو سکتا اس کے لیے ٹیکنیکل لوگوں پر مشتمل ایسی ٹیم بنائی جائے جو عوام کے حقوق اور ضرورت کو سمجھے اور پھر ان پالیسیوں پر عمل بھی کیا جائے

بقیہ نمبر 19

پی بیڈ کوارٹرز نے تمام مدات انچارجز پولیس افسران سے تعارفی میٹنگ کیمدات انچارجز نے اپنی ذمہ داریوں سے متعلق بریف کیا ریجنل ڈسٹرکٹ پولیس افسران ایمانداری، لگن سے کام کر کے اپنی پہچان بنائیں سکیورٹی کے مجموعی انتظامات میں بہتری۔ لا اینڈ آرڈر کے حوالے سے بروقت فکری کی روانگی کو یقینی بنایا جائے پولیس لائنز ایریا و برانچز کی دیکھ بھال کے انتظامات میں بہتری سمیت ہدایات جاری کیں تمام فکری کی ریکارڈ درستگی و میڈیکل ایڈوائزر کے معاملات کا کلینز یم ترتیب دینے کی بدیہ تمام فکری کی ایڈوائزر کے معاملات شکایات کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت دوران ڈیوٹی کسی قسم کی غفلت و لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی

بقیہ نمبر 20

جنرل اعجاز تنویر کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ جس میں عبدالودود علوی، مغیث قریشی، ساجد ناموس، چودھری ارشد، شیخ عاصم شفیق، محمد بلال، علی عمران، فرحان شوکت ہجرہ، ثمینہ سعید، عظمیٰ عمران، سائرہ و دیگر ذمہ داران شریک ہوئے۔ پاک انٹرنیشنل بزنس فورم کے سیکرٹری جنرل اعجاز تنویر نے کہا کہ میرا برانڈ پاکستان نمائش میں ملک بھر کی مقامی کمپنیاں اپنی مصنوعات کے اسٹالز لگائیں گی اور اس نمائش سے مقامی کمپنیوں کی مصنوعات کے بارے عوام کو آگاہی حاصل ہو گی اور پاکستانی مصنوعات کے استعمال کے فروغ میں تقویت ملے گی۔ پاک انٹرنیشنل بزنس فورم کے لاہور چیپٹر کے صدر عبدالودود علوی نے کہا ہے کہ ایکسپو سینٹر لاہور میں تین روزہ میرا برانڈ پاکستان نمائش کے انتظامات و تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں اور مختلف آرگنائز کمیٹیاں اپنی اپنی سطح پر امور سرانجام دے رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 21

کوٹھی حتی سے چیک کیا گیا تاکہ تعلیمی شیڈول کی مکمل پابندی کو یقینی بنایا جا سکے، آغا ظہیر عباس شیرازی نے سکول میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی، باتھ رومز کی صفائی اور طلباء کے لیے دستیاب فرنیچر سمیت دیگر بنیادی سہولیات کا تفصیلی جائزہ بھی لیا انہوں نے متعلقہ انظامیہ اور سکول حکام کو واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی معیار کو مزید بلند کیا جائے اور بچوں کو بہتر سے بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات فوری طور پر اٹھائے جائیں۔

بقیہ نمبر 22

کسی بھی شہری کے ساتھ کسی قسم کی زیادتی یا ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ اگر کسی شہری کے ساتھ کسی بھی ادارے یا فرد کی جانب سے زیادتی ہوئی ہے تو اس معاملے کو قانون اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق دیکھا جائے گا تاکہ ہر شہری کو اس کا جائز حق مل سکے، انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کے جان و مال اور حقوق کا تحفظ ضلعی انتظامیہ مری کی اولین ذمہ داری ہے

بقیہ نمبر 23

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ تینوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کا فروغ خطے میں امن، استحکام اور اجتماعی سلامتی کے لیے مثبت قدم ہے۔ مکہ مکرمہ جیسی مقدس سرزمین پر اس اہم معاہدے کا طے پانا اس کی اہمیت کو مزید اجاگر کرتا ہے

بقیہ نمبر 24

20 سے 25 روزہ شارٹ ہج اسکیم کا پیکیج 13 لاکھ روپے مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تقریباً 4 لاکھ پری رجسٹرڈ عازمین اب درخواستوں کے حتمی مرحلے میں داخل ہو چکے ہیں۔ درخواستیں پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر وصول کی جائیں گی اور مقررہ کوٹہ مکمل ہونے کے بعد مزید درخواستیں وصول نہیں کی جائیں گی۔ تاہم رجسٹرڈ رہ جانے والے عازمین کو اگلے سال کی ویٹنگ لسٹ میں شامل کیا جائے گا۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ حج 2027 کی پہلی قسط کی وصولی 17 اگست سے شروع ہوگی اور منتخب حج پیکیج کی 50 فیصد رقم پہلی قسط میں جمع کرانا لازمی ہوگی، جبکہ دوسری قسط اکتوبر میں وصول کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حج واجبات کی ادائیگی کے لیے تین ڈیجیٹل ذرائع فراہم کیے گئے ہیں۔ عازمین کریڈٹ کارڈ، پی ایس آئی ڈی (PSID) کے ذریعے آن لائن ادائیگی یا چالان فارم پرنٹ کر کے نقد رقم بھی جمع کرا سکیں گے۔ اس جدید نظام کا مقصد عازمین کو طویل قطاروں، غیر ضروری سفر اور اضافی اخراجات سے بچانا، ان کے سرمائے کا تحفظ یقینی بنانا اور شفاف و یکساں سہولت فراہم کرنا ہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ پہلی مرتبہ نجی حج اسکیم کے عازمین بھی صرف پاک حج ایپ یا ڈیجیٹل پورٹل کے ذریعے اپنے پرائیویٹ حج آرگنائزر اور پیکیج کا انتخاب کریں گے، جبکہ انہیں ہدایت کی گئی ہے کہ وہ براہِ راست کسی پرائیویٹ آپریٹر کو رقم جمع نہ کرائیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ حبیب بینک لمیٹڈ (HBL) کو وزارت مذہبی امور کا مجاز بینکنگ پارٹنر مقرر کیا گیا ہے اور اس سلسلے میں وزارت اور بینک کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط بھی کیے گئے ہیں۔ اس موقع پر حبیب بینک کے نمائندے محمد اسرار خان نے کہا کہ بینک کو عازمین حج کی خدمت کا موقع ملنے پر خوشی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ملک بھر میں 1700 سے زائد برانچز کے ذریعے عازمین کو خدمات فراہم کی جائیں گی اور اسلامی بینکاری کے تحت کسی قسم کے اضافی چارجز وصول نہیں کیے جائیں گے، جبکہ شریعہ کمپلائ

اسلام آباد، سیکٹر G-15/3 میں تجاوزات کیخلاف آپریشن کیا جارہا ہے

سیکٹر G-15/3 انسدادِ تجاوزات آپریشن مکمل، رقبہ FGEHA کے حوالے

انسدادِ تجاوزات آپریشن اور اراضی واگزار کروانے کا عمل الاٹیز اور متاثرین کے حقوق کے تحفظ کی جانب اہم پیش رفت، صبیح ثاقب

سرکاری اراضی کے تحفظ اور غیر قانونی قبضوں کے خاتمے کیلئے کارروائیاں بلاامتیاز جاری رکھی جائیں گی، ڈائریکٹر لینڈ سعد بن اسد

اسلام اباد (نمائندہ خصوصی) سیکٹر G-15/3 میں انسدادِ تجاوزات آپریشن کامیابی سے جاری، ہاؤسنگ اتھارٹی کی اراضی واگزار، تمام BUPs کیسز کا قبضہ FGEHA کے حوالے ڈائریکٹر جنرل فیڈرل گورنمنٹ ہاؤسنگ اتھارٹی کیپٹن (ر) ظفر اقبال کی خصوصی ہدایات پر سیکٹر G-15/3 میں سرکاری اراضی واگزار کروانے اور الاٹیز کے حقوق کے تحفظ کے لیے جاری انسدادِ تجاوزات آپریشن کامیابی سے مکمل کر لیا گیا ہے۔ آپریشن کے دوران مجموعی طور پر 132 کنال اراضی واگزار کروائی گئی، جبکہ سیکٹر میں موجود تمام BUPs کیسز سے متعلق اراضی کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد پولیس کا کریک ڈاؤن 25 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): اسلام آباد پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لیے مؤثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ مختلف کارروائیوں کے دوران سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور مجرمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

مری میں ڈینگی کی روک تھام کے حوالے سے اہم اجلاس

مری (نمائندہ خصوصی) ضلع مری میں ڈینگی کی روک تھام کے حوالے سے اہم اجلاس، فیلڈ سرگرمیاں تیز کرنے کی ہدایات، ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی خصوصی ہدایات پر ڈپٹی کمشنر آفس میں ڈینگی کی روک تھام اور تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

ضلعی انتظامیہ مری نے اہم سنگِ میل عبور کرلیا

مری (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے خوبصورت اور روشن پنجاب وژن پر عملدرآمد کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ مری نے ملکہ کوہسار کی خوبصورتی کو چار چاند لگانے کے لیے ایک اور اہم سنگِ میل عبور کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد پولیس کا کریک ڈاؤن 5 مسروقہ گاڑیاں برآمد 2 ملزمان گرفتار

شہریوں کو قیمتی اثاثوں سے محروم کرنیوالوں کیخلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، سلیمان ظفر

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): اسلام آباد پولیس کے اینٹی وہیکل لفٹنگ یونٹ (AVLU) نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے متحرک کار چور گروہ کے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت شاہ نواز اور مشتاق کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے تقریباً 67 لاکھ روپے مالیت کی 5 مسروقہ گاڑیاں برآمد کرلی گئی ہیں۔ برآمد ہونے والی گاڑیاں اسلام آباد کے مختلف تھانوں کی حدود سے چوری کی گئی تھیں۔ دوران تفتیش گرفتار ملزمان نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد جدید سلاٹر ہاؤس بنایا جائے: خورشید قریشی

جمعیت القریش میٹ ویلفیئر نے سہالہ سلاٹر ہاؤس کو اپ گریڈ کرنیکا فیصلہ مسترد کردیا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) آل پاکستان جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن کا اہم مشترکہ اجلاس مرکزی صدر خورشید احمد قریشی کی زیرِ صدارت اسلام آباد میں منعقد ہوا، جس میں جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسلام آباد ہائی کورٹ میں 6 اگست 2026 کو ہونے والی سماعت کے دوران سی ڈی اے کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

لاہور، پاک انٹرنیشنل بزنس فورم کے سیکرٹری اعجاز تنویر اجلاس میں گفتگو کررہے ہیں

ٹریلین ڈالر اکانومی مشن حکومت کا کل ویژن پاکستان 2047ء لانچ کرنیکا فیصلہ

وزیراعظم شہباز شریف پروگرام کا آغاز کریں گے، مستحکم معاشی گروتھ کیلئے طویل المدتی پروگرام متعارف کرایا جائے گا

اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے یورپی پارلیمنٹ کے رکن ملاقات کررہے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹریلین ڈالر اکانومی کے ہدف کی جانب اہم پیش رفت کرتے ہوئے حکومت نے 12 اگست کو 'ویژن پاکستان 2047' لانچ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، ذرائع وزیراعظم آفس کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف 'ویژن پاکستان 2047' پروگرام کا باضابطہ آغاز کریں گے، جس کے تحت ملکی معیشت، ترقی اور مستحکم معاشی گروتھ کیلئے طویل المدتی پروگرام متعارف کرایا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ویژن پاکستان 2047 کے تحت نوجوان نسل کو مستحکم معاشی ترقی، خوشحالی اور انوویشن کے مواقع فراہم کرنے کیلئے خصوصی پروگرام بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

مری، جشن آزادی انتظامات بارے اجلاس

سیاحوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی اور دیگر امور کا تفصیلی جائزہ

مری (بیورو رپورٹ) جشن آزادی پاکستان 14 اگست قومی جذبہ اور شایانِ شان طریقے سے منانے کے حوالے سے تقریبات کے انعقاد اور انتظامات کو حتمی شکل دینے کے لیے ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایت پر جنرل ہال مری میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلعی انتظامیہ کے افسران، مرکزی انجمن تاجران مری اور ہوٹل ایسوسی ایشن کے نمائندگان نے بھی بھرپور شرکت کی، اجلاس میں شہر بھر میں جشن آزادی کے حوالے سے تزئین و آرائش، سجاوٹ، ٹریفک کی روانی اور سیاحوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی اور دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

راولپنڈی میں "پاکستان ویمن لیڈرز" پروجیکٹ کے تحت سیشن کا انعقاد

مقصد شرکاء کو پاکستان ویمن لیڈرز پروجیکٹ کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا تھا

راولپنڈی (پ ر) پاکستان ویمن لیڈرز (PWL) پروجیکٹ کے تحت ایس ایس ڈی او (SSDO) کی جانب سے UN Women، TDEA اور یورپی یونین (EU) کے تعاون سے ضلع راولپنڈی میں ضلعی اور ینٹیشن سیشن کا انعقاد مقامی ہوٹل میں کیا گیا۔ سیشن میں مختلف سیاسی جماعتوں، سول سوسائٹی، بار ایسوسی ایشن، میڈیا اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ سیشن کا مقصد شرکاء کو پاکستان ویمن لیڈرز پروجیکٹ کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا اور خواتین کو سیاسی، سماجی اور فیصلہ سازی کے عمل میں آگے آنے کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

پشاور، ایک شخص اپنے سٹال پر جشن آزادی کی مناسبت سے اشیاء فروخت کیلئے سجا رہا ہے

گلگت بلتستان: بلدیاتی انتخابات، پولنگ 27 ستمبر کو ہوگی

کاغذات واپس لینے کی آخری تاریخ 31 اگست مقرر کی گئی، چیف الیکشن کمشنر

گلگت (صباح نیوز) گلگت بلتستان الیکشن کمیشن نے بلدیاتی انتخابات کے لیے انتخابی عمل کے نئے مرحلے کا باقاعدہ آغاز کردیا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر گلگت بلتستان راجہ شہباز خان (تمغہ شجاعت) نے تمام ریٹرننگ آفیسرز کو ہدایت کی ہے کہ مقررہ شیڈول کے مطابق 10 اگست 2026 سے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال (اسکروٹنی) کا عمل شروع کیا جائے۔ یہ مرحلہ 17 اگست تک جاری رہے گا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ شیڈول کے مطابق ریٹرننگ افسران کے فیصلوں کے خلاف اپیلیں 18 تا 21 اگست تک دائر کی جاسکیں گی، جن پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شہکار پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اور جنرل آئٹم ویلکم آرڈرز
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083

پاکستان کا وومن جونیئر ایشیا کپ میں شرکت کا اعلان

18 اگست سے اسلام آباد میں قومی تربیتی و سلیکشن کیمپ لگایا جائیگا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان ہاکی فیڈریشن نے پاکستان جونیئر گرلز ہاکی ٹیم کی چین میں ہونے والے وومن جونیئر ایشیا کپ 2026 میں شرکت کا باضابطہ اعلان کردیا ہے۔ یہ قدم ملک میں خواتین کی ہاکی کی بحالی اور فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ اس ایونٹ میں شرکت سے پاکستان کی باصلاحیت نوجوان کھلاڑیوں کو ایشیائی سطح کے اعلیٰ ترین جونیئر مقابلے میں حصہ لینے اور بین الاقوامی تجربہ حاصل کرنے کا موقع میسر آئے گا۔ چیمپئن شپ کی تیاریوں کے سلسلے میں پاکستان ہاکی فیڈریشن 18 اگست 2026 سے اسلام آباد میں ایک قومی تربیتی و سلیکشن کیمپ قائم کرے گی۔ پی ایچ ایف نے اس کیمپ کے لیے ایک شفاف اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

ڈسٹرکٹ کونسل ہال جہلم میں خصوصی تقریب کا انعقاد

جہلم (حاجی مخدوم حسین چوہدری سے) مکہ باہمی دفاعی معاہدے کی مناسبت سے ضلعی انتظامیہ جہلم کی جانب سے ڈسٹرکٹ کونسل ہال جہلم میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا مقصد پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان باہمی دفاعی تعاون، مشترکہ سلامتی اور برادرانہ تعلقات کو اجاگر کرنا تھا، جبکہ تقریب کی نظامت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لٹریسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

چیمبرز وکلاء کا حق، خاموشی اختیار نہیں کی جانی چاہیے، ظہیر اعوان

بار قیادت کو اس دیرینہ مسئلے کا مستقل اور قابلِ عمل حل تلاش کرنا چاہیے

اسلام آباد (پ ر) معروف قانون دان ملک ظہیر اعوان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ انصاف کے نظام میں اہم کردار ادا کرنے والے اسلام آباد کے وکلاء تاحال مناسب چیمبرز کی سہولت سے محروم ہیں، جو وکلاء کے بنیادی پیشہ ورانہ حقوق اور وقار سے متعلق ایک اہم مسئلہ ہے۔ ملک ظہیر اعوان ایڈووکیٹ کے مطابق چیمبر صرف ایک دفتر نہیں بلکہ وکیل کے لیے موکلین سے ملاقات، قانونی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

مہنگائی کا طوفان تھمنے کا نام ہی نہیں لے رہا، خاقان خواجہ

عوام غربت اور مہنگائی کے ہاتھوں خودکشی کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ مہنگائی کا طوفان تھمنے کا نام ہی نہیں لے رہا اور اس کی بنیادی وجہ وہ پالیسیاں ہیں جو عوام کو مہنگائی کی چکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ سے مولانا زاہد محمود چیئرمین انجفر فاؤنڈیشن ملاقات کررہے ہیں

ایس پی ہیڈ کوارٹرز لاہور خالد سعید نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

یادگار شہداء پولیس لائن پر حاضری دی فاتحہ خوانی و دعا کی، کو سلامی پیش کی گئی

لاہور (غلام عباس ٹیپو سے) ایس پی محمد خالد سعید نے بطور ایس پی ہیڈ کوارٹرز عہدے کا چارج سنبھال لیا ایس پی ہیڈ کوارٹرز نے یادگار شہداء پولیس لائن پر حاضری دی فاتحہ خوانی و دعا کی گئیلاہور پولیس کے چاق و چوبند دستے نے ایس پی ہیڈ کوارٹرز کو سلامی پیش کیڈی ایس پی ہیڈ کوارٹرز بابر شوکت۔ ریزرو انسپکٹر لائن رضا زاکر۔ لائن افسر احسان الحق سمیت پولیس افسران موجود تھے ایس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

14 اگست: حافظ نعیم الرحمٰن "میرا برانڈ پاکستان" نمائش کا افتتاح کرینگے

ملک بھر کی مقامی کمپنیاں اپنی مصنوعات کے اسٹالز لگائیں گی، اعجاز تنویر

مختلف آرگنائز کمیٹیاں اپنی اپنی سطح پر امور سرانجام دے رہی ہیں، عبدالودود علوی

لاہور (نمائندہ شہرنامہ) پاک انٹرنیشنل بزنس فورم کے زیر اہتمام ایکسپو سینٹر لاہور میں 16,15,14 اگست تک میرا برانڈ پاکستان نمائش کا انعقاد ہو گا۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن 14 اگست کو میرا برینڈ پاکستان نمائش کا افتتاح کریں گے۔ میرا برانڈ پاکستان کی نمائش کے سلسلے میں آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس پاک انٹرنیشنل بزنس فورم کے سیکرٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی کا سکولوں کا اچانک دورہ

مقصد تعلیمی اداروں میں فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لینا تھا

مری (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کا سکولوں کا اچانک دورہ انہوں نے لوپر ٹوپہ سرکاری سکول کا اچانک دورہ کیا ہے، جس کا بنیادی مقصد تعلیمی اداروں میں فراہم کی جانے والی سہولیات، صفائی ستھرائی کی صورتحال اور تدریسی عمل کا قریب سے جائزہ لینا تھا، دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا اور طلباء سے تعلیمی سرگرمیوں، نصاب کی فراہمی اور تدریسی معیار کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا، اس موقع پر اساتذہ اور طلباء کی حاضری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

ڈی سی مری ظہیر شیرازی لوئر ٹوپہ سکول سمیت دیگر سکولوں کا دورہ کررہے ہیں

مری میں کسی شہری کیساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائیگی، ڈی سی

اوقاف کی جانب سے ناصر شگری کے مکان کو گرانے کا معاملہ قانون کیمطابق دیکھا جائیگا

مری (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر صاحب مری آغا ظہیر عباس شیرازی عمائدین مری کیا ہم ملاقات، محلہ شوالہ مری کے رہائشی ناصر شگری کے ساتھ پیش آنیوالے معاملہ جس میں ان کے گھر کو گرانے پر تفصیلی گفتگو کی گئی، ملاقات میں اوقاف کی جانب سے ناصر شگری کے مکان کو گرانے اور اس سے پیدا ہونے والی صورتحال پر مختلف پہلوؤں سے بات چیت ہوئی، اس موقع پر اس بات پر زور دیا گیا کہ عوام کے ساتھ انصاف اور قانون کے مطابق برتاؤ کو ہر صورت یقینی بنایا جانا چاہیے، ڈپٹی کمشنر مری نے اس موقع پر واضح الفاظ میں کہا کہ ضلع مری میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

مری، ڈی سی ظہیر شیرازی کا وفد کے بعد گروپ فوٹو

مکہ دفاعی معاہدہ خطے میں امن کیلئے مثبت قدم، ساجد عباسی

مقدس سرزمین پر اہم معاہدے کا طے پانا اس کی اہمیت کو مزید اجاگر کرتا ہے

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ کے سینئر نائب صدر راجہ ساجد محمود عباسی نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مکرمہ میں ہونے والے مشترکہ دفاعی معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے امتِ مسلمہ کے دفاع، سلامتی اور باہمی تعاون کے لیے ایک اہم اور تاریخی پیش رفت قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں راجہ ساجد محمود عباسی نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

مرحوم راجہ یوسف کی اہلیہ کی قل خوانی، بخشش کی دعا

دعائیہ تقریب میں چوہدری تنویر، سینٹر ناصر بٹ، شاہد اقبال و دیگر کی شرکت

راولپنڈی (نامہ نگار خصوصی) مرحوم راجہ محمد یوسف کی اہلیہ اور ڈاکٹر ہارون یوسف راجہ، میجر راجہ ہمایوں یوسف، راجہ سہیل یوسف، محمد علی راجہ، اور ڈاکٹر عمر یوسف راجہ کی والدہ محترمہ کی قل خوانی کی تقریب منعقد کی گئی، مرحومہ کیلئے بخشش کی دعا کی گئی، دعائیہ تقریب میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

باہمی دفاعی معاہدے کی مناسبت سے ضلعی انتظامیہ جہلم کے زیر اہتمام تقریب کے بعد مہمانوں کے ہمراہ ننھے بچوں کا گروپ فوٹو

حج مکمل ڈیجیٹل قطار ختم! پیکیج درخواستوں کی تفصیلات جاری

17 اگست سے پہلی قسط کی وصولی شروع ہوگی، سرکاری اسکیم میں ایک لاکھ 7 ہزار 526 نشستیں مختص کی گئیں

عازمین گھر بیٹھے پاک حج ایپ اور ڈیجیٹل پورٹل سے درخواست وادائیگی کرسکیں گے، وفاقی وزیر سردار یوسف کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف نے اعلان کیا ہے کہ وزیر اعظم کی خصوصی ہدایت پر حج 2027 کے پورے عمل کو اینڈ ٹو اینڈ ڈیجیٹلائز کر دیا گیا ہے، جس کے تحت عازمین حج گھر بیٹھے پاک حج ایپ اور ڈیجیٹل پورٹل کے ذریعے چند منٹ میں درخواست، پیکیج کا انتخاب اور ادائیگی کا عمل مکمل کرسکیں گے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے بتایا کہ سرکاری حج اسکیم 2027 کے تحت ایک لاکھ 7 ہزار 526 نشستیں مختص کی گئی ہیں، جبکہ 40 روزہ لانگ حج اسکیم کا پیکیج 12 لاکھ روپے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

سی ڈی اے، 2026 میں 37 منصوبوں کی منظوری دی گئی

آفس یونٹس، مساجد اسکول شامل، مجموعی کوریا 580,690,6 مربع فٹ،

اسلام آباد: (نمائندہ شہرنامہ) کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے بلڈنگ اینڈ ہاؤسنگ کنٹرول ونگ نے ڈیزائن ویٹنگ کمیٹی (DVC) کے فورم کے ذریعے سال 2026 کے دوران منعقدہ 7 اجلاسوں میں 42 کمرشل منصوبوں کا جائزہ لیا اور اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری (آئی سی ٹی) کی حدود میں 37 منصوبوں کی منظوری دی۔ ان منصوبوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے روسی نمائندہ ملاقات کررہے ہیں

ہزارہ موٹروے، آٹھ مقامات پر اسپیڈ کیمرے فعال

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ہزارہ موٹروے، آٹھ مقامات پر اسپیڈ کیمرے فعال، حد رفتار اور سیٹ بیلٹ کی خلاف ورزی پر جرمانہ عائد، چلان کا خودکار طریقہ، تفصیلات کے مطابق ہزارہ موٹروے پر 8 مقامات پر اسپیڈ کیمرے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

پاکستان میڈیا کونسل اسلام آباد کی تنظیم نو مکمل، ارسلان ریاض صدر مقرر

گوجر خان (بیورو رپورٹ) پاکستان میڈیا کونسل اسلام آباد کی تنظیم نو مکمل کرلی گئی، ارسلان ریاض کو صدر اور عاشر وقاص کو وائس چیئرمین مقرر کرتے ہوئے نوٹیفکیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

مری میں دو حادثات ایک شخص جاں بحق، 3 زخمی

مری (بیورو رپورٹ) گذشتہ روز مری میں دو حادثات پہلا حادثہ میں جی پی او چوک مری پارکنگ پلازہ سے ریسکیو 1122 مری اطلاع دی گئی کہ ایک 26 سالہ شخص نذیر محمد ولد خان محمد ساکن نوشہرہ کے پی کے پارکنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

گوجر خان تین چوکیوں کے انچارج تبدیل

نئے تعینات ہونے والے افسران نے اپنی ذمہ داریاں سنبھال لیں

گوجر خان (بیورو رپورٹ) گوجر خان سرکل میں پولیسنگ کے نظام کو مزید موثر بنانے اور انتظامی امور میں بہتری کے لیے تین اہم پولیس چوکیوں کے انچارجز تبدیل کر دیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد، وفاقی وزیر اورنگزیب کھچی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

آٹا، گھی، تیل، دالیں اور چاول سمیت اشیائے خورد و نوش مہنگی، عوام پریشان

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے باوجود اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی نہ آسکی، قیمتیں مسلسل بڑھنے لگیں

15 کلو آٹے کا تھیلا 2 ہزار 100 روپے، درجہ اول کوکنگ آئل، گھی کی قیمت 615 فی لیٹر، چاول بھی مہنگے داموں فروخت

فیصل آباد (صباح نیوز) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے باوجود اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی نہ آسکی، آٹا، گھی، کوکنگ آئل، دالیں، چاول، دودھ اور گوشت مہنگے داموں فروخت ہونے سے شہری پریشان ہیں۔ 15 کلو آٹے کا تھیلا 2 ہزار 100 روپے میں فروخت ہونے لگا ہے، جبکہ درجہ اول کوکنگ آئل اور گھی کی قیمت 615 روپے فی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

AFL پنجاب ایسوسی ایشن انتخابات، عطاء اللہ بلا مقابلہ صدر منتخب

محمد شعیب جنرل سیکرٹری اور نادیہ ظفر فنانس سیکرٹری منتخب ہو گئے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) اے ایف ایل پنجاب ایسوسی ایشن کے انتخابات اسپورٹس بورڈ پنجاب کی نگرانی میں کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئے۔ انتخابی عمل ایسوسی ایشن کے اراکین کی شرکت کے ساتھ پُرامن، شفاف اور جمہوری ماحول میں مکمل ہوا۔ انتخابات میں عطا اللہ خان کو متفقہ طور پر صدر، محمد شعیب کو جنرل سیکرٹری جبکہ نادیہ ظفر کو فنانس سیکرٹری منتخب کرلیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

واسا مری کی ناقص کارکردگی

بغیر سروے کے غلط تفصیلات کی بنیاد پر کمرشل بل بھیجے جانے لگے

مری (بیورو رپورٹ) واسا مری کی ناقص کارکردگی بغیر سروے کے غلط تفصیلات کی بنیاد پر کمرشل بل بھیجے جانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

منشیات سپلائر کو 9 سال قید ایک لاکھ روپے جرمانہ

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی موثر پیروی کے باعث منشیات سپلائر کو معزز عدالت نے سزا سنا دی۔ مجرم شاکر کو 9 سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ نیو ٹاؤن پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

میٹرک امتحان میں اریج فاطمہ کی شاندار کامیابی

مری (بیورو رپورٹ) میٹرک میں اریج فاطمہ کی شاندار کامیابی، ظفر اقبال رحیم مرحوم جو مری الیکٹرانک میڈیا کے صدر تھے کی صاحبزادی اریج فاطمہ نے میٹرک کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

چیف آفیسر ایم سی مری متحرک ملازمین کی حاضری کی چیکنگ

مری (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایت پر چیف آفیسر ایم سی مری نے ایم او پی برانچ کے تمام ملازمین کی اچانک ڈیوٹی حاضری چیک کی گئی انہوں نے ڈیپارٹمنٹ اسٹاف کے ہر ملازم کا الگ الگ ریکارڈ اور ڈیوٹی سے متعلق مکمل ڈیٹا بھی حاصل کیا گیا، ذرائع کے مطابق تمام انفورسمنٹ انسپکٹرز کے زیر استعمال موٹر سائیکلوں کا ریکارڈ بھی حاصل کرلیا گیا ہے جبکہ تمام موٹر سائیکلوں کی باقاعدہ انسپکشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

سپورٹس کمپلیکس مری میں بہترین اور یادگار فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد

مری (نمائندہ خصوصی) مسٹر یس ٹیم مری سٹی کی جانب سے سپورٹس کمپلیکس مری میں ایک بہترین اور یادگار فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی، حسن اورنگزیب، وقاص ڈار، معین الدین پرے، اسامہ فاروق، عمیر الکھیری، سلیم معین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

SHEHAR NAMA Islamabad
شہرنامہ اسلام آباد
شکایات سیل
★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جارہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جارہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔
تو ہم سے رابطہ کریں۔
سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356